الیکشن کمیشن آف پاکستان

www.ecp.gov.pk




# ہینڈ بک

برائے

# پریذائیڈنگ افسران



# فہرست


| ہینڈآؤٹ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **سیشن-1 تیاری** | **4** |
| 1.01 | ورکشاپ کے مقاصد تربیتی عمل کا خاکہ | 5 |
| 1.02 | جمہوریت کے بنیادی عناصر | 6 |
| 1.03 | انتخابات | 7 |
| 1.04 | ووٹ ڈالنے کا عمل | 8 |
| 1.05 | انتخابات کا جائزہ 2007ء | 9 |
| 1.06 | کس کا کیا کام ہے؟ | 10 |
| 1.07 | پولنگ عملے کا کردار اور ذمہ داریاں | 13 |
| 1.08 | پولیس کا کردار اور ذمہ داریاں | 15 |
| 1.09 | پولنگ ایجنٹوں کا کردار اور ذمہ داریاں | 16 |
| 1.10 | مبصرین کا کردار اور ذمہ داریاں | 17 |
| 1.11 | ایسی صورت میں کیا کرنا ہوگا؟ | 18 |
| 1.12 | پولنگ حکام کے لیے پیشہ ورانہ اخلاقیات | 19 |
| | **سیشن-2 ووٹنگ شروع ہونے سے پہلے کی تیاری** | **22** |
| 2.01 | پولنگ کے دن سے پہلے | 23 |
| 2.02 | پولنگ عملے کی تربیت اور ذمہ داریوں سے آگاہی | 24 |
| 2.03 | پولنگ اسٹیشن کے لیے منصوبہ بندی | 25 |
| 2.04 | مقامی حقائق کا اندازہ لگانا | 26 |
| 2.05 | یہ پریشانی کیوں ہوئی؟ | 27 |
| 2.06 | جائے وقوع کا جائزہ | 28 |
| 2.07 | منصوبہ بندی کا بنیادی خاکہ | 29 |
| 2.08 | ریٹرننگ افسر کے ساتھ ہم آہنگی | 30 |
| 2.09 | الیکشن سے متعلقہ سامان کی فہرست | 31 |
| 2.10 | Packing Invoice | 32 |
| | **سیشن-3 پولنگ کا دن** | **34** |
| 3.01 | پولنگ کے دن کا جائزہ | 35 |
| 3.02 | پولنگ اسٹیشن کا قیام | 36 |
| 3.03 | انتخابی فہرست کی تقسیم | 38 |
| 3.04 | پولنگ سٹیشن کھولنا | 39 |
| 3.05 | نیا شفاف بیلٹ بکس | 41 |
| 3.06 | بیلٹ بکس کھولنا اور بند کرنا | 42 |
| 3.07 | گتے سے بنائی گئی نئی ووٹر سکرینیں | 43 |

| | | |
|---|---|---|
| 3.08 | بیلٹ باکسز کی تصدیق | 44 |
| 3.09 | ووٹنگ کا عمل | 45 |
| 3.10 | پولنگ افسروں کی ذمہ داریاں | 46 |
| 3.11 | قومی شناختی کارڈ چیک کرنا | 47 |
| 3.12 | اگر ایسا ہو..... | 48 |
| 3.13 | پہلے اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کی ذمہ داریاں | 49 |
| 3.14 | مثنیٰ (کاؤنٹر فوائل) کو پُر کرنا | 50 |
| 3.15 | دوسرے اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کی ذمہ داریاں | 51 |
| 3.16 | ووٹنگ کا طریقہ کار | 52 |
| 3.17 | ضائع شدہ بیلٹ پیپرز | 53 |
| 3.18 | پولنگ کے دن پریذائیڈنگ افسر کی ذمہ داریاں | 54 |
| 3.19 | ووٹروں سے سلوک | 55 |
| 3.20 | مشکوک ووٹ (Tendered Vote) | 56 |
| 3.21 | فارم XII: مشکوک ووٹوں کی فہرست | 57 |
| 3.22 | چیلنج کیے گئے ووٹ | 58 |
| 3.23 | چیلنج شدہ ووٹوں کی فہرست (Challenged Votes List) | 60 |
| 3.24 | خصوصی صورتحال | 61 |
| 3.25 | امن وامان قائم رکھنا | 62 |
| 3.26 | امن وامان کے حوالے سے پریذائیڈنگ افسر کے اختیارات | 63 |
| 3.27 | فوری سماعت کے تحت سزا دہی | 64 |
| 3.28 | گرفتاری کے لیے فارم I | 65 |
| 3.29 | جعلی ووٹر کی گرفتاری کے لیے مجوزہ فارم II | 66 |
| 3.30 | پولنگ اسٹیشن بند کرنا | 67 |
| 3.31 | ووٹوں کی گنتی | 68 |
| 3.32 | گنتی کرنا (شمار کرنا) | 69 |
| 3.33 | قبول اور مسترد شدہ بیلٹ پیپر | 70 |
| 3.34 | گنتی کی رپورٹ پُر کرنا | 71 |
| 3.35 | The Statement of the Count | 72 |
| 3.36 | گنتی کی رپورٹ تقسیم کرنا | 73 |
| 3.37 | بیلٹ پیپر کی گنتی مکمل کرنا | 74 |
| 3.38 | فارم XV: بیلٹ پیپروں کی گنتی | 75 |
| 3.39 | گنتی کے بعد | 76 |
| 3.40 | الیکشن سے متعلقہ سامان کو سنبھالنا | 77 |
| 3.41 | متعلقہ سامان کی واپسی کے لیے تھیلے | 79 |
| | **سیشن-4 پولنگ اسٹاف کی تربیت** | **82** |
| 4.01 | آگے بڑھنا..... | 83 |
| 4.02 | تربیت کے لیے ہدایات | 84 |

# تیاری


# 1
# تیاری




دورانیہ: ایک گھنٹہ

''بڑے حکام کا انتخاب وہ اچھے شہری کرتے ہیں جو ووٹ نہیں ڈالتے۔''

(جارج ژاں نیتھان)



سیشن کے مقاصد:


اس سیشن میں مندرجہ ذیل کام کیے جائیں گے:

- شرکاء کو آپس میں ملنے جلنے اور ورکشاپ کے ٹریینرز اور منتظمین کے ساتھ ساتھ ایک دوسرے سے واقفیت پیدا کرنے کا موقع فراہم کرنا۔
- اس تربیت کے مجموعی مقاصد، دائرۂ کار اور عمومی اصولوں کو اجاگر کرنا۔
- پریذائیڈنگ افسروں کے لیے اس تربیت کی قدر و اہمیت اجاگر کرنا۔
- ووٹ ڈالنے کے عمل میں پریذائیڈنگ افسر کے کردار کی نہایت سنجیدہ نوعیت پر روشنی ڈالنا۔



1.01


# ورکشاپ کے مقاصد



تربیت کے اختتام پر شرکاء مندرجہ ذیل اہلیتوں کے حامل ہوں گے:

- ووٹ ڈالنے کے عمل کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کو جاننا۔
- بطور پریذائیڈنگ افسر اپنے فرائض مؤثر انداز میں انجام دینا۔
- پولنگ عملے کو ان کی ذمہ داریوں کے حوالے سے مناسب تربیت دینا۔

# تربیتی عمل کا خاکہ



1.02

# جمہوریت کے بنیادی عناصر



## ماخذ

عوامی ارادہ



## طریقہ کار

آزاد و منصفانہ مقابلہ اور شفاف انتخابات

کے ذریعے راہنماؤں کا انتخاب

## منزل


بحیثیت مجموعی معاشرے کی فلاح



1.03

# انتخابات

آزاد، منصفانہ اور
شفاف انتخابات جمہوریت کے
لیے لازم ہیں۔



- ووٹ ڈالنے کے لیے آزاد مقابلہ کی فضا ہونا لازمی ہے! ہر ایک امیدوار کو اپنے ووٹوں کے لیے مہم چلانے کا حق ہونا چاہیے۔

- تمام رجسٹرڈ ووٹر ووٹ دینے کے اہل ہیں اور اپنی پسند کے اُمیدوار کو ووٹ ڈالنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔

- اُمیدواروں کا انتخاب راز دارانہ رائے شماری کے ذریعے ہونا چاہیے تا کہ تعصب و جانب داری کا امکان دور کیا جا سکے۔ پولنگ کے دن ووٹ ڈالنے میں اُمیدواروں کی آزادی کسی بھی حوالے سے متاثر نہیں ہونی چاہیے۔




1.04


# ووٹ ڈالنے کا عمل



ریٹرننگ افسر کی جانب سے پولنگ اسٹاف کی تقرری




ریٹرننگ افسر کا پولنگ سٹاف کو تربیت دینا





ریٹرننگ افسر سے انتخابات سے
متعلقہ سامان (میٹریل) کی وصولی




پولنگ اسٹیشنوں کا قیام




ووٹنگ



ووٹوں کی گنتی




پولنگ اسٹیشن کے باہر نتیجہ چسپاں کرنا۔




انتخابی سامان (میٹریل) اور
گنتی کی رپورٹ ریٹرننگ افسر کو بھجوانا

1.05

# انتخابات کا جائزہ 2007ء

- قومی اسمبلی کی 272 اور صوبائی اسمبلی کی 577 نشستوں کے لیے انتخابات ''فی بالغ فرد ایک ووٹ'' کی بنیاد پر منعقد ہوں گے۔
- غیر مسلموں اور خواتین کی مخصوص نشستوں کا تعین آنے والے انتخابات میں ہر پارٹی کی حاصل کردہ نشستوں کی تعداد پر مبنی پارٹی لسٹ سسٹم میں متناسب نمائندگی کی بنیاد پر کیا جائے گا۔
- پولنگ کا دورانیہ ایک دن ہوگا اور ووٹ ڈالنے کا وقت ختم ہوتے ہی ووٹوں کی گنتی شروع کر دی جائے گی۔
- پولنگ کے دن پورے ملک میں اندازاً 70,000 پولنگ اسٹیشن کام کریں گے۔
- ہر ایک پولنگ اسٹیشن میں 2 تا 4 پولنگ بوتھ ہوں گے (اس کا انحصار ہر پولنگ اسٹیشن کو تفویض کردہ ووٹروں کی تعداد پر ہے)۔
- ہر بوتھ پر پولنگ عملے کے 3 اہل کار موجود ہوں گے۔
- ان تمام پولنگ ایجنٹوں کو گنتی کی رپورٹ کی کاربن کاپیاں فراہم کی جائیں گی جو گنتی کے وقت پولنگ اسٹیشن پر موجود ہوں گے۔
- سٹیشنری اور غیر استعمال شدہ انتخابی سامان (الیکشن میٹریل) واپس کرنے کے لیے نیلے رنگ کے تھیلے مہیا کیے جائیں گے۔

## کونسی باتیں نئی ہیں؟

- ووٹ ڈالنے کے لیے نئے شفاف بیلٹ باکس استعمال ہوں گے۔
- ووٹ ڈالنے میں رازداری یقینی بنانے کے لیے اسکریز (پردے) لگا کر کمپارٹمنٹس بنائے جائیں گے۔
- ووٹروں کی فہرست کمپیوٹرائزڈ ہوگی اور صرف ایک کاپی پر نشانات لگائے جائیں گے۔




1.06

# کس کا کیا کام ہے؟

ہدایات: نیچے بتائی گئی ذمہ داریوں کے سامنے اصل ذمہ دار افسر/اہل کار والے خانے میں درست کا نشان ☑ لگائیں۔

| | |  پریزائیڈنگ افسر |  اسسٹنٹ پریزائیڈنگ افسر |  پولنگ افسر |  پولیس افسر |  پولنگ ایجنٹ |  مبصر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | الیکشن میٹریل وصول کرنا | | | | | | |
| 2 | الیکشن کے روز ووٹروں کو بیلٹ پیپر جاری کرنا | | | | | | |
| 3 | ہر ووٹر کے پاس قومی شناختی کارڈ کی موجودگی کو چیک کرنا | | | | | | |
| 4 | پولنگ اسٹیشن سے باہر امن و امان برقرار رکھنا | | | | | | |
| 5 | پولنگ اسٹیشن سے 100 گز کے علاقے میں انتخابی مہم کی تمام علامات ختم کرنا | | | | | | |
| 6 | پولنگ اسٹیشن کے گرد 400 گز کے علاقے میں ووٹروں کو متاثر یا قائل کرنے والے کیمپوں یا کوششوں کا تدارک کرنا | | | | | | |
| 7 | پولنگ کے دن پولنگ اسٹیشن پر تمام سرگرمیوں اور افراد کی نگرانی کرنا۔ | | | | | | |

| | |  پریذائیڈنگ افسر |  اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر |  پولنگ افسر |  پولیس افسر |  پولنگ ایجنٹ |  مبصر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 8 | ووٹنگ شروع ہونے سے قبل بیلٹ بکسوں کے خالی اور سیل بند ہونے کی تسلی کرنا | | | | | | |
| 9 | ووٹنگ اور گنتی کے سارے عمل کا مشاہدہ کرنا اور مشاہدات نوٹ کرتے جانا | | | | | | |
| 10 | یہ تسلی کرنا کہ شناخت ہونے کے بعد انتخابی فہرست سے ووٹر کا نام کاٹ دیا جائے۔ | | | | | | |
| 11 | ووٹ سے پہلے، دوران اور بعد میں سارے انتخابی مواد کی حفاظت | | | | | | |
| 12 | یہ تسلی کرنا کہ صرف ووٹ ڈالنے کے اہل اور انتخابی فہرستوں میں شامل ووٹرز ہی ووٹ ڈالیں | | | | | | |
| 13 | پولنگ اسٹیشن کو کھولنا اور بند کرنا | | | | | | |
| 14 | ثنیٰ (کاؤنٹر فوائل) پر تمام مطلوبہ معلومات کا موزوں اندراج یقینی بنانا | | | | | | |
| 15 | ووٹوں کی گنتی اور رپورٹ کی تیاری | | | | | | |

| | |  پریزائیڈنگ افسر |  اسسٹنٹ پریزائیڈنگ افسر |  پولنگ افسر |  پولیس افسر |  پولنگ ایجنٹ |  مبصر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | پولنگ اسٹیشن پر کسی اور شخص کی جگہ ووٹ ڈالنے والے یا نا اہل شخص کے ووٹ کو چیلنج کرنا | | | | | | |
| 17 | تمام متعلقہ فارم اور کارروائیوں کی تکمیل | | | | | | |
| 18 | قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کسی شخص کو پریزائیڈنگ افسر کے حکم پر پولنگ اسٹیشن سے باہر نکالنا | | | | | | |
| 19 | ہر ووٹر کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر انمٹ روشنائی سے نشان لگانا | | | | | | |
| 20 | ہر ووٹر کے ووٹ ڈالنے کی رازداری یقینی بنانا | | | | | | |
| 21 | غیر حساس میٹریل اور انمٹ روشنائی ریٹرننگ افسر کو فراہم کرنا | | | | | | |
| 22 | موزوں رسید لے کر تمام پولنگ ایجنٹوں کو گنتی کی نقل فراہم کرنا | | | | | | |
| 23 | پولنگ اسٹیشن کے مرکزی دروازے پر گنتی کی کاپی چسپاں کرنا | | | | | | |

1.07

# پولنگ عملے کا کردار اور ذمہ داریاں



پریذائیڈنگ افسر

- انتخابی مواد چیک کرنا اور گمشدہ اشیاء کی رپورٹ کرنا۔
- اپنے پولنگ اسٹیشن کو زیادہ سے زیادہ فعال بنانا۔
- یہ تسلی کرنا کہ صرف ووٹ ڈالنے کے اہل اور ووٹرز لسٹوں میں شامل افراد ہی ووٹ ڈالیں۔
- پولنگ کا آغاز اور اختتام کرنا۔
- اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر (اے پی او) اور پولنگ افسر (پی او) کے کام کی نگرانی کرنا۔
- یہ تسلی کرنا کہ بیلٹ بکسوں کے ساتھ کوئی ٹمپرنگ (تحریف وتبدیلی) تو نہیں کی گئی۔
- ہر ووٹر کی رازداری یقینی بنانا۔
- مبصرین، پولنگ ایجنٹوں، اُمیدواروں اور ووٹرز کا درست رویہ یقینی بنانا۔
- پولنگ اسٹیشن پر حفاظتی انتظامات کرنا اور صرف مجاز افراد کو اندر آنے کی اجازت دینا۔
- تمام متعلقہ فارم اور کاغذی کارروائی مکمل کرنا۔
- ووٹوں کی گنتی کرنا اور ریٹرننگ افسر کو بھجوانے کے لیے رپورٹ تیار کرنا۔
- پولنگ اسٹیشن کے باہر گنتی کی رپورٹ چسپاں کرنا۔
- نتیجے کا اعلان اور نتائج کی نقل تمام متعلقہ پولنگ ایجنٹوں/ الیکشن ایجنٹوں/ اُمیدواروں کو فراہم کرنا۔
- تمام مواد ہدایات کے مطابق واپس بھجوانا۔
- ضرورت پڑنے پر مجسٹریٹ کے اختیارات استعمال کرنا۔

# پولنگ عملے کا کردار اور ذمہ داریاں




## اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر (اے پی او)

- ووٹروں کو بیلٹ پیپر جاری کرنا۔
- بیلٹ پیپروں کی پشت پر دستخط کرنا اور مہر لگانا۔
- تسلی کرنا کہ بیلٹ پیپروں کے مثنیٰ (کاؤنٹر فوائلز) پر تمام مطلوبہ معلومات درست طور پر درج کی گئی ہیں۔
- ہر ووٹر کے ووٹ کی رازداری یقینی بنانا۔
- فرائض کی انجام دہی میں پریذائیڈنگ افسر کی مدد کرنا۔
- پریذائیڈنگ افسر کی جانب سے تفویض کی گئی کوئی بھی اور ذمہ داری نبھانا۔



## پولنگ افسر

- اس بات کو یقینی بنانا کہ ہر ایک ووٹر کے پاس کارآمد قومی شناختی کارڈ موجود ہے۔
- انتخابی فہرست میں ووٹر کا نام اور سیریل نمبر پکارنا۔
- اس بات کو یقینی بنانا کہ بیلٹ پیپر جاری کیے جانے سے قبل ووٹر کا نام فوراً انتخابی فہرست سے کاٹ دیا جائے۔
- ہر ووٹر کے انگوٹھے پر انمٹ روشنائی کا نشان چیک کرنا۔
- ہر ووٹر کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر انمٹ روشنائی کا نشان لگانا۔
- فرائض کی انجام دہی میں اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کی مدد کرنا۔
- پریذائیڈنگ افسر یا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر (اے پی او) کی جانب سے تفویض کردہ کوئی بھی اور ذمہ داری پوری کرنا۔



1.08

# پولیس کا کرداراورذمہ داریاں



## پولیس

- سارا وقت پولنگ اسٹیشن کے باہر امن وامان برقرار رکھنا۔
- پولنگ اسٹیشن سے 100 گز کے علاقے میں انتخابی مہم کی تمام علامات ختم کرنا اور پولنگ اسٹیشن کے گرد 400 گز کے علاقے میں ووٹروں کو متاثر یا قائل کرنے والے کیمپوں یا کوششوں کا تدارک کرنا۔
- پریذائیڈنگ افسر کے کہنے پر پولنگ اسٹیشن کے اندر امن وامان برقرار رکھنا۔
- پریذائیڈنگ افسر کے حکم پر قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کسی شخص کو پولنگ اسٹیشن سے باہر نکالنا۔
- الیکشن سے پہلے، الیکشن کے دوران اور ووٹنگ کے اختتام پر سارے انتخابی مواد (سامان) کی حفاظت کرنا۔
- انتخابی مواد کو بحفاظت پولنگ اسٹیشن سے ریٹرننگ افسر یا اسسٹنٹ ریٹرننگ افسر کے پاس لے جانے میں مدد دینا۔

1.09

# پولنگ ایجنٹوں کا کردار اور ذمہ داریاں



## پولنگ ایجنٹس

- ووٹنگ شروع ہونے سے قبل بیلٹ بکسوں کے خالی اور سیل بند ہونے کی تسلی کرنا۔
- ووٹ ڈالنے کے لیے آنے والے ہر شخص کا نام اور انتخابی فہرست میں اندراج نمبر سننا۔
- پولنگ اسٹیشن پر کسی اور شخص کی جگہ ووٹ ڈالنے والے یا نا اہل شخص کے ووٹ کو چیلنج کرنا۔
- ووٹنگ ختم ہونے پر پریذائیڈنگ افسر کی جانب سے گنتی اور تمام متعلقہ سامان کی موزوں پیکٹوں میں پیکنگ کا مشاہدہ کرنا۔
- پریذائیڈنگ افسر سے گنتی کی رپورٹ کی کاپی وصول کرنا۔
- ووٹنگ یا گنتی کے عمل میں محسوس ہونے والے کسی غلط رویے یا بے قاعدگی کے متعلق پریذائیڈنگ افسر کو مطلع کرنا۔

پولنگ ایجنٹ کے لیے لازمی ہے کہ وہ:

- پریذائیڈنگ افسر یا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کی جانب سے دیے گئے کسی بھی قانونی حکم پر عمل کرے۔

پولنگ ایجنٹ کو نہیں چاہیے کہ وہ:

- پولنگ اسٹیشن کے اندر موجود کسی بھی ووٹر سے براہ راست سوال یا بات کرے، اور نہ ہی ووٹنگ کے عمل میں مداخلت کرے۔
- بیلٹ پیپروں اور انتخابی فہرست سمیت کسی بھی مواد کو اپنے اختیار میں لے۔

1.10

# مبصرین کا کردار اور ذمہ داریاں



مبصرین

- بیلٹ ڈالے جانے کے سوا ووٹنگ اور گنتی کے سارے عمل پر نظر رکھنا۔
- ووٹنگ کے عمل کے حوالے سے اپنے تمام مشاہدات نوٹ کرتے جانا۔
- پریذائیڈنگ افسر اور دیگر پولنگ عملے سے غیر ضروری بات نہ کرنا، اور ان کے کام میں رکاوٹ ڈالے بغیر سوالات پوچھنا۔
- اپنی مرضی کے مطابق پولنگ اسٹیشن میں آنا اور باہر جانا۔
- پولنگ اسٹیشن میں جا کر ووٹنگ کے عمل کے مشاہدے کے بعد باہر آجانا۔

مبصر کو نہیں چاہیے کہ وہ:

- بیلٹ پیپروں اور انتخابی فہرست سمیت کسی بھی مواد کو اپنے اختیار میں لے۔
- ووٹروں کے کام میں مداخلت کرے یا ان پر اثر انداز ہو۔
- پریذائیڈنگ افسر یا دیگر پولنگ عملے کو ڈرائے دھمکائے۔

مبصر پر لازم ہے کہ وہ:

- اپنا اجازت نامہ (ایکریڈیشن پاس) ہر وقت لگائے رکھے۔
- تمام موقعوں پر غیر جانب داری دکھائے۔
- پریذائیڈنگ افسر یا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کے دیے ہوئے کسی بھی قانونی حکم پر عمل کرے۔




1.11

# ایسی صورت میں کیا کرنا ہوگا؟

## 1



طویل مسافت پر واقع ایک گاؤں سے آئی ہوئی خاتون ووٹر کو پولنگ اسٹیشن پہنچنے پر معلوم ہوا کہ وہ اپنا قومی شناختی کارڈ گھر پر ہی بھول آئی ہے۔ اس نے پریذائیڈنگ افسر سے درخواست کی کہ اسے ووٹ ڈالنے کی اجازت دی جائے۔ اس کے ساتھ دو افراد موجود تھے جو اس کی شناخت کی تصدیق کر سکتے تھے۔ پریذائیڈنگ افسر نے اس کی درخواست سن لی اور اسے ووٹ ڈالنے کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا۔

## 2




گوجرانوالہ میں ایک پولنگ اسٹیشن کا ایک اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر مخصوص امیدوار کی جانب خصوصی جھکاؤ رکھتا تھا۔ انتخابات کے روز اس نے ووٹروں کو اپنے پسندیدہ امیدوار کی جانب راغب کیا۔

## 3



پولنگ کے روز ایک پریذائیڈنگ افسر نے پولنگ ایجنٹوں اور مبصرین کو پولنگ اسٹیشن کی پچھلی طرف تعینات کرنے کا فیصلہ کیا جہاں سے وہ آدھا ہال دیکھ سکتے تھے اور ووٹنگ کا سارا عمل ان کی نگاہوں کے سامنے نہ رہا۔ اس نے یہ کہہ کر شکایات کا ازالہ کرنے سے انکار کر دیا کہ پولنگ اسٹیشن کے انتظامات اپنی مرضی کے مطابق کرنا اس کا حق ہے۔

## 4



پولنگ کے دن ایک پولنگ افسر کے پاس انتخابی فہرست پر متعدد غیر مسلم ووٹروں کے نام موجود تھے۔ وہ مسلم ووٹروں کے ساتھ تو بڑے دوستانہ انداز میں پیش آتا لیکن غیر مسلموں کے ساتھ اس کا رویہ نامناسب اور غیر دوستانہ تھا۔

## 5




پولنگ کے دن بلوچستان میں ایک پولنگ اسٹیشن پر ایک اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر نے سبھی ووٹروں کے ساتھ غیر معمولی خوش اخلاقی اور دوستانہ پن کا اظہار کیا۔ بیلٹ بکس اس کی میز کے بالکل ساتھ رکھا تھا اور جب بھی کوئی ووٹر اپنا ووٹ ڈالنے آتا/آتی تو وہ ساتھ ساتھ پوچھتا جاتا کہ وہ کس اُمیدوار کے حق میں ووٹ دے رہا/رہی ہے۔




1.12

# پولنگ حکام کے لیے پیشہ ورانہ اخلاقیات

پاکستان میں جمہوریت کے نگہبانوں کی حیثیت سے پولنگ حکام کی ذمہ داری ہے کہ ان کے تمام اقدام مندرجہ ذیل اصولوں کی مطابقت میں ہوں:




## ایمان داری

- کبھی کسی اُمیدوار، سیاسی جماعت یا نتائج پر اثر انداز ہونے کے خواہش مند کسی بھی شخص سے رشوت قبول نہ کریں۔
- دباؤ میں آ کر ''چھوٹ'' دینے والا رویہ نہ اپنائیں۔ تمام انتخابی قوانین اور کارروائیاں ہدایات کے مطابق عمل میں آنی چاہئیں۔
- کبھی کسی غیر مجاز یا ایسے شخص کو ووٹ نہ ڈالنے دیں جس کا نام انتخابی فہرست میں موجود نہیں۔
- کسی بھی مجاز یا اہل ووٹر کو جائز وجہ کے بغیر ووٹ ڈالنے سے نہ روکیں۔



## غیر جانب داری

- کبھی اپنی سیاسی آراء کو انتخابی فرائض کی انجام دہی میں رکاوٹ نہ بننے دیں۔
ایسا لباس نہ پہنیں یا کوئی ایسی علامت نہ لگائیں جو مخصوص سیاسی جماعتوں یا اُمیدواروں سے تعلق رکھتی ہوں۔
- انتخابات کے دوران اپنی سیاسی آرا کا اظہار ہرگز نہ کریں۔



## شفافیت

- تسلی کریں کہ ووٹروں، پولنگ ایجنٹوں، اُمیدواروں اور مبصرین کو انتخابی عمل دیکھنے کی اجازت ہے۔



## مساوی سلوک

- صنف، نسل، مذہب یا سیاسی ہمدردیوں سے بالاتر ہو کر تمام لوگوں سے مساوی سلوک کریں۔ اس میں ووٹر، پولنگ ایجنٹ، اُمیدوار اور مبصرین بھی شامل ہیں۔



## ووٹ کی رازداری کا احترام

- اطمینان کریں کہ ہر شخص مرضی کے اُمیدوار کو ووٹ دینے میں پوری طرح آزاد ہے۔
- اچھی طرح یقین کریں کہ ووٹنگ کے لیے لگائی گئی اسکرین اپنی جگہ پر ہے اور یہ کہ کوئی بھی شخص (پولنگ حکام، پولنگ ایجنٹ، میڈیا، مبصرین، وغیرہ) ووٹر کا بیلٹ پیپر نہیں دیکھ سکتا۔

# ووٹنگ شروع ہونے سے
# پہلے کی تیاری


# 2

# ووٹنگ شروع ہونے سے پہلے کی تیاری



دورانیہ: ایک گھنٹہ

''منصوبہ بندی میں ناکامی، ناکام ہونے کی منصوبہ بندی ہے۔''



سیشن کے مقاصد:

اس سیشن میں مندرجہ ذیل کام کیے جائیں گے:

- شرکاء کو مختلف کام سمجھانا جو الیکشن کے دن سے پہلے مکمل ہونا چاہئیں۔
- پولنگ ٹیم کو مؤثر انداز میں منظّم کرنا اور پولنگ کے دن ان کے کردار اور ذمہ داریوں کے حوالے سے تربیت مہیا کرنا۔
- اپنے پولنگ اسٹیشن کا انتظام اس طرح طے کرنا کہ سرکاری ضوابط کے ساتھ ساتھ مقامی ضروریات بھی پوری ہوں۔

2.01

# پولنگ کے دن سے پہلے

1



پولنگ عملے کی تربیت اور انہیں ذمہ داریوں سے آگاہ کرنا

2



پولنگ اسٹیشن کی منصوبہ بندی/انتظام

3




ریٹرننگ افسر سے رابطہ اور معاونت




2.02

# پولنگ عملے کی تربیت اور ذمہ داریوں سے آگاہی

پولنگ اسٹیشن سے متعلق منصوبہ بندی پریذائیڈنگ افسر کی ذمہ داری ہے جس کی معاونت پولنگ عملے کی ایک ٹیم کرتی ہے۔ضروری ہے کہ پولنگ عملہ بخوبی تربیت یافتہ اور الیکشن کے روز پولنگ اسٹیشن کا انتظام احسن انداز میں چلانے کے لیے اپنی انفرادی ذمہ داریوں سے واقف ہو۔



تربیتی سیشن کے اختتام پر پولنگ عملہ مندرجہ ذیل قابلیتوں کا حامل ہوگا.....

- بطور ٹیم ایک دوسرے سے واقفیت۔
- انتخابات کے دن اپنے کردار اور ذمہ داریوں کے حوالے سے مکمل تفہیم۔
- ووٹنگ کے دن کے لیے بنیادی قواعد طے کرنا۔
- پولنگ اسٹیشن کا نقشہ (لے آؤٹ) بنانا۔


## مؤثر تربیت کے لیے اقدامات



اپنے ریٹرننگ افسر سے وصول شدہ رابطہ فہرست کی مدد سے اپنے پولنگ اسٹیشن عملے سے رابطہ کرنا۔



تربیت کے لیے موزوں جگہ طے کرنا۔



تربیت کے لیے تمام متعلقہ میٹریل پیشگی تیار کرنا۔



ایک تربیتی دن (الیکشن کے دن سے کم از کم ایک ہفتہ پہلے) طے کرنا اور پولنگ عملے کو اطلاع دینا۔



اس کتابچے کے حصہ دوم میں مہیا کردہ میٹریل کی مدد سے تربیت دینا۔

2.03

# پولنگ اسٹیشن کے لیے منصوبہ بندی

1



مقامی حقائق اور ضروریات کا اندازہ لگانا۔

2



پولنگ اسٹیشن کی جگہ کا معائنہ کرنا۔

3



پولنگ اسٹیشن کے لیے منصوبے کا خاکہ۔

2.04

# مقامی حقائق کا اندازہ لگانا


اپنے پولنگ اسٹیشن کی منصوبہ بندی کرنے سے قبل مقامی حقائق کا اندازہ لگانے کی خاطر مندرجہ ذیل سوالات پر غور کریں:



- کیا آپ کو پولنگ بوتھوں پر مردوں اور عورتوں کے لیے اندر آنے اور باہر نکلنے کے الگ الگ راستوں کی ضرورت ہوگی؟
- کیا مرد اور عورتیں اکٹھے کھڑے ہوں گے؟ اگر نہیں، تو آپ کو کیا کیا انتظامات کرنا ہوں گے؟



- کیا آپ کو خدشہ ہے کہ سیاسی یا دیگر کشیدہ حالات پولنگ کے عمل پر اثر انداز ہوں گے؟ آپ ان سے کیسے نمٹیں گے؟
- کیا مجمعے میں ہنگامہ آرائی یا بے ترتیبی کا امکان ہے؟ اگر ایسا ہے تو سکیورٹی کے کیا انتظامات کرنے کی ضرورت ہے، خصوصاً خواتین کے حوالے سے ؟



- ووٹرز اور پولنگ عملے کے لیے کونسی سہولیات کی فراہمی لازمی ہے؟ کیا خواتین کے لیے کسی خاص انتظامات کی ضرورت ہے۔
- کیا بیت الخلاء، پینے کے پانی، کھانے وغیرہ جیسی بنیادی سہولیات تک رسائی ممکن ہے؟ خاص طور پر خواتین اور بچیوں کے لیے۔



- موسم کیسا ہے؟
- کیا آپ کو سردی یا گرمی سے نمٹنے کے لیے خصوصی انتظامات کرنا پڑیں گے؟ اگر ایسا ہے تو یہ سہولیات کہاں سے حاصل ہو سکتی ہیں؟

2.05


# یہ پریشانی کیوں ہوئی؟



# جائے وقوع کا جائزہ


کچھ دن پہلے ہی پولنگ اسٹیشن کی جائے وقوع پر جائیں اور مندرجہ ذیل چیزیں چیک کریں:

1




عمارت تک رسائی۔

2




سائز اور رقبہ۔

3




اندر داخل ہونے اور باہر نکلنے کے راستے۔

4




بیت الخلاء

5



پانی اور بجلی کی فراہمی

2.07

# منصوبہ بندی کا بنیادی خاکہ

## پولنگ سکیم اور باضابطہ سرگرمیاں

- اپنے پولنگ اسٹیشن کا خاکہ تیار کرتے وقت مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھیں:
  - پولنگ بوتھوں کی تعداد۔
  - رجسٹرڈ مرد اور خواتین ووٹرز کی تعداد۔
- پیشگی منصوبہ بندی اور تسلی کریں کہ ووٹ ڈالنے اور ووٹوں کی گنتی کے لیے کافی جگہ موجود ہے۔
- مطلوبہ فرنیچر اور آلات کی دستیابی یقینی بنائیں۔

## ووٹروں کی آمدورفت:

- ووٹر مندرجہ ذیل ترتیب سے آگے بڑھے گا: دروازہ ← پولنگ افسر ← پہلا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر ← دوسرا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر ← رازداری کے لیے لگائی گئی اسکرین ← بیلٹ بکس ← اخراج۔ اس ترتیب کو ذہن میں رکھتے ہوئے مندرجہ ذیل امور کی تسلی کریں:
  - ووٹرز کی آمدورفت میں سہولت پیدا کرنے کے لیے جگہ مختص کریں۔
  - پولنگ اسٹیشن میں تمام میز اس ترتیب میں ہونے چاہئیں کہ تمام پولنگ عملہ (اور بیلٹ بکس) کے لیے جگہ کافی ہو۔
  - جہاں تک ممکن ہو داخلے اور اخراج کے لیے الگ الگ راستے مہیا کریں تاکہ ووٹروں کی آمدورفت آسان ہو۔
  - مردوں اور عورتوں کے لیے الگ راستے اور پولنگ بوتھ مہیا کریں۔

## نگرانی، رازداری اور شفافیت:

- پریذائیڈنگ افسر کے بیٹھنے کی جگہ ایسے مقام پر رکھیں جہاں سے وہ سارے پولنگ اسٹیشن پر نظر رکھ سکتا ہو۔
- پولنگ ایجنٹوں کے لیے کرسیاں رکھیں تاکہ یہ لوگ عمل کا مشاہدہ کر سکیں۔
- تسلی کریں کہ رازداری کے لیے سکرین (پردہ) اس طرح لگائی جائے کہ کوئی بھی شخص ووٹروں کو بیلٹ پیپر پر نشان لگاتے ہوئے نہ دیکھ سکے۔
- بیلٹ بکس اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسروں کی نظروں کے سامنے رکھے جائیں اور پولنگ بوتھ میں موجود پولنگ ایجنٹ بھی انہیں دیکھ سکتے ہوں۔




2.08

# ریٹرننگ افسر کے ساتھ ہم آہنگی




**ریٹرننگ افسر کی معاونت:**

- تسلی کر لیں کہ آپ کے پاس متعلقہ افراد کے رابطوں (ایڈریس، اور بالخصوص موبائیل فون نمبر) کی فہرست موجود ہے۔
- ایمرجنسی کی صورت میں ریٹرننگ افسر کے ساتھ رابطے کے ذرائع متعین کریں۔




**ریٹرننگ افسر اور پولنگ عملے کے درمیان ہم آہنگی:**

- بالائی یا نچلے اہل کاروں تک تمام قابلِ غور امور پہنچائیں۔
- مثلاً اگر عملے کا کوئی فرد دستیاب نہ ہو تو ریٹرننگ افسر کو اطلاع دیں تا کہ مخصوص عملے میں سے متبادل انتظام کیا جا سکے۔




**الیکشن کا مواد اکٹھا کریں:**

- اطمینان کر لیں کہ آپ نے پیکنگ انوائس پر دستخط کر دیے ہیں۔
- یقینی بنائیں کہ سارا مواد آپ کے پولنگ اسٹیشن کی ضروریات کے فراہم جاری کیا گیا ہے۔
- غیر حساس مواد چیک کریں اور ہر چیز موجود ہونے کی تسلی کریں۔
- مواد گم ہونے کی صورت میں فوراً ریٹرننگ افسر سے رابطہ کریں۔




**پولنگ کے بعد:**

- پولنگ کے بعد اطمینان کریں کہ سارا انتخابی مواد (حساس اور غیر حساس دونوں) ریٹرننگ افسر کو مجوزہ طریقہ کار کے تحت واپس کر دیا گیا ہے۔
- اطمینان کریں کہ عملے کا ہر فرد موجود ہے اور گمشدہ چیزوں کو شمار کر لیا گیا ہے۔
- اطمینان کریں کہ ریٹرننگ افسر کو پولنگ کے دن کی تمام کارروائیوں سے آگاہ کیا جا رہا ہے اور کسی بھی بے ضابطگی کو نوٹ کر لیا گیا ہے۔
- اطمینان کر لیں کہ کسی بھی حوالے سے وضاحت دینے کے لیے آپ ریٹرننگ افسر کو دستیاب ہیں۔

ہینڈ آؤٹ
2.09

# الیکشن سے متعلقہ سامان کی فہرست




نو خانوں والی مُہر

بیلٹ پیپر برائے صوبائی اسمبلی

بیلٹ پیپر برائے قومی اسمبلی

- سرکاری کوڈ والی مہریں
- پلے کارڈز
- انمٹ روشنائی
- روشنائی کا پیڈ (اِنک پیڈ)
- انتخابی فہرست
- مجسٹریٹ کے اختیارات سے متعلق رجسٹر
- فارم اور پیکٹ
- سیلیں (Seals)
- خالی نیلا تھیلا
- نشان لگانے والی مہریں

شفاف بیلٹ بکس
(سفید ڈھکن اور سبز ڈھکن)

- مردوں کا پولنگ بوتھ
- خواتین کا پولنگ بوتھ
- اندر جانے کا راستہ
- باہر جانے کا راستہ
- پریذائیڈنگ افسر
- اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر
- پولنگ افسر
- پولنگ ایجنٹ
- پولنگ اسٹیشن
- انتخابی پرچی پر نشان لگانے کی جگہ

## پلے کارڈز

- بال پوائنٹ پین
- رائس پیپر
- کاربن پیپر
- پیکٹ پیپر پنز
- سٹیل کی سوئیاں
- سوتر (ڈوری) کا گولا
- گوند
- موم بتیاں
- لاکھ (مہر لگانے والی موم)
- ماچس
- پلاسٹک کے پیمانے
- کالے مارکرز
- سیفٹی پنز (بکسوئے)

## پوسٹرز

- انتخابی پرچی پر مہر سے نشان لگانے کا طریقہ
- امیدواروں کے نام اور ان کے انتخابی نشانات
- پولنگ اسٹیشن قومی/صوبائی اسمبلی
- انتخابات کو کامیاب بنانا جمہوری فرض اور قومی خدمت ہے

2.10

# PACKING INVOICE

**Election to the** National Assembly ____________

Provincial Assembly of the Punjab
Sindh
N.W.F.P
Balochistan

**PART "A"**

1. No. and Name of Constituency ____________________________
2. No. and Name of Polling Station ____________________________
3 No. of voters assigned to the Polling Station ____________________________
4. No. of Booths ____________________________

**PART "B"**

5. Ballot Papers in the sealed packet:-
   (a) Quantity ____________________________
   (b) Serial No. From ______________ to ______________
   (c) No. of Books ____________________________
   (d) Serial No. From ______________ to ______________

6. Official Code Marks Stamps (two per booth) plus one spare for the polling station)

   (a) Quantity ______________
   (a) Code Nos ______________

   (I) ______________
   (ii) ______________
   (iii) ______________
   (iv) ______________
   (v) ______________

7. Rubber stamp for marking ballot papers (three per booth plus one spare for the polling station).

8. No. of Brass seals (one per polling station).

   Quantity ______________
   Serial No ______________

9. Indelible ink vials (one per both plus two per polling station)

10. No. of Self/Inking Stamp pads (two per booth plus one spare for the polling station).

11. Standard Stationery Pack. (One per polling station)

Received above articles in sealed bag

Signature of the Presiding Officer

Signature of the Returning Officer

اطمینان کرلیں کہ آپ نے پیکنگ مواد کی فہرست پر دستخط کردیے ہیں اور ریٹرننگ افسر سے ایک کاپی حاصل کریں۔ پیکنگ مواد کی فہرست کی مدد سے آپ.....

- الیکشن سے متعلقہ سامان کا پیکٹ کھولنے پر اسے چیک کریں گے۔
- الیکشن کے بعد ریٹرننگ افسر کو واپس کیا ہوا سامان چیک کریں گے۔

# پولنگ کا دن

# 3


# پولنگ کا دن



دورانیہ: ایک گھنٹہ

''محض عظیم خوبیوں کا مالک ہونا کافی نہیں، بلکہ انہیں استعمال کرنا بھی آنا چاہیے۔''

(فرانسوا دی لا روش فو کالڈ)



سیشن کے مقاصد:

اس سیشن میں مندرجہ ذیل کام کیے جائیں گے:

- شرکاء کو پولنگ اسٹیشن کے قیام کے لیے درکار انتظامات کے متعلق سمجھانا اور تسلی کرنا کہ تمام تقاضے پورے ہو رہے ہیں۔
- شرکاء کو پولنگ کے روز پریذائیڈنگ افسر کی مرکزی ذمہ داریاں سمجھانا۔
- پولنگ اسٹیشن کے کھلنے اور بند ہونے کے علاوہ ووٹوں کی گنتی اور مواد کے استعمال سے متعلقہ عوامل سے آگاہ کرنا۔




3.01


# پولنگ کے دن کا جائزہ



1. پولنگ اسٹیشن کا قیام





2. پولنگ اسٹیشن کھولنا




3. ووٹنگ



4. پولنگ اسٹیشن بند کرنا



5. بیلٹ پیپرز کی گنتی اور نتائج کا اعلان




6. سامان کو سنبھالنا




3.02




# پولنگ اسٹیشن کا قیام

شام: پولنگ سے ایک دن قبل

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 |  | اپنے پولنگ عملے کا اجلاس بلوائیں۔ اگلے روز کے پروگرام پر بات کریں اور اطمینان کرلیں کہ ہر شخص اپنی اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے۔ | اطمینان کرلیں کہ اگلے روز کے لیے تمام تیاریاں مکمل ہیں۔ اس اجلاس میں اپنی ٹیم پر تمام معاملات واضح کریں۔ |
| 2 |  | پولنگ اسٹیشن کو انتخابی مہم سے متعلقہ کسی بھی مواد اور فالتو چیزوں سے پاک کریں۔ | پولنگ اسٹیشن کے گرد 100 گز کے حلقے میں سے ہر قسم کا انتخابی مواد ہٹائے جانے کی تسلی کریں۔ |
| 3 |  | پولنگ اسٹیشن کے تیارشدہ نقشے کے مطابق فرنیچر (میز، کرسیاں، رازداری کے لیے اسکرین) کا انتظام کریں۔ | اطمینان کرلیں کہ طے شدہ انتظام کے مطابق عمل ہو رہا ہے یا نہیں۔ ''ہدایات'' پر عمل کرتے ہوئے تسلی کریں کہ تمام سرکاری اور مقامی تقاضے پورے ہو رہے ہیں۔ |
| 4 |  | عمارت کی بیرونی طرف ''پولنگ اسٹیشن'' کا نشان لگائیں۔ داخلے اور اخراج کے موزوں راستوں کی نشاندہی کریں۔ ضرورت ہو تو دیگر علامات بھی بنائیں اور انہیں موزوں جگہ پر نصب کریں۔ | پولنگ اسٹیشن کا نام، نمبر اور انتخابی حلقہ لکھا ہوا ہونے کی یقین دہانی کریں! تمام علامات نمایاں جگہ پر آویزاں کریں۔ |
| 5 |  | ''بیلٹ پیپر پر نشان لگانے کا طریقہ'' اور ''امیدواروں کے نام اور انتخابی نشان'' کے پوسٹر لگائیں۔ | پوسٹرز ایسی جگہ پر لگے ہونے چاہئیں جہاں سے وہ ووٹروں کو بہ آسانی نظر آسکیں۔ |
| 6 |  | ووٹروں کے سیریل نمبر پر مشتمل معلومات پولنگ اسٹیشن سے باہر اور پولنگ بوتھ پر بھی لگائیں۔ | معلومات ایسی جگہ پر لگے ہونے کا اطمینان کریں جہاں ووٹر واضح طور پر دیکھ سکیں۔ |
| 7 |  | اپنے پولنگ عملے کو ساتھ لے کر مجوزہ وقت سے کم از کم دو گھنٹے قبل پولنگ اسٹیشن پر پہنچ جائیں۔ | اطمینان کرلیں کہ گزشتہ روز کے اجلاس میں سب کو آمد کا وقت پوری طرح معلوم تھا۔ |



صبح: پولنگ کے دن

| | | | |
|---|---|---|---|
| 8 |  | فرنیچر، پوسٹرز، پلے کارڈز اور ووٹنگ اسکرینز کی موزوں جگہوں پر موجودگی کا اطمینان کریں۔ | اُمیدوار یا پولنگ ایجنٹ پولنگ اسٹیشن پر پہلے سے ہی انتظار کر رہے ہوں گے۔ بہترین صورت یہی ہے کہ انہیں پولنگ اسٹیشن کا انتظام مکمل ہونے اور بوتھ لگائے جانے تک اندر نہ آنے دیا جائے۔ |
| 9 |  | بڑے سوتی تھیلے کھولیں اور مطلوبہ اسٹیشنری سامان پولنگ کے عملے میں تقسیم کریں۔ بیلٹ پیپروں والے چھوٹے سفید اور خاکی تھیلے نکالیں، لیکن ابھی کھولیں نہیں۔ | خصوصی ہدایات کے بغیر کوئی بھی سیل بند پیکٹ نہ کھولیں۔ |
| 10 |  | اپنے ہر ایک پولنگ افسر کو انتخابی فہرست کا متعلقہ حصہ دیں۔ | انتخابی فہرست پیشگی تقسیم کر دیں تاکہ تاخیر اور گڑ بڑ نہ ہو! |
| 11 |  | میزوں پر ''پریذائیڈنگ افسر'' ''اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر'' اور ''پولنگ افسر'' کے پلے کارڈز رکھیں۔ | تسلی کر لیں کہ پیَج نمایاں اور سب کی نظروں میں ہیں۔ |
| 12 |  | بیلٹ بکسوں کو ترتیب دیں۔ ہر پولنگ بوتھ میں شفاف بیلٹ بکس رکھیں۔ | تسلی کر لیں کہ تمام قواعد وضوابط پر پوری طرح عمل کیا جا رہا ہے۔ کسی بھی اُمیدوار، الیکشن ایجنٹ اور پولنگ ایجنٹ کو پولنگ اسٹیشن میں داخلے کی اجازت دینے سے قبل اچھی طرح چیک کر لیں۔ |


3.03

# انتخابی فہرست کی تقسیم

آپ کو ریٹرننگ افسر کی طرف سے پولنگ اسٹیشن پر ووٹوں کی تعداد اور مردوں کے لیے اور خواتین کے لیے پولنگ بوتھوں کی تعداد کے متعلق معلومات فراہم کر دی گئی ہوں گی۔




- آپ کی انتخابی فہرست 2 حصوں پر مشتمل ہے: ایک مردوں کے لیے اور دوسری خواتین کے لیے۔
- فہرست کو بوتھوں کی تعداد کے مطابق تقسیم کرنا چاہیے۔
- فہرست کے کسی بھی صفحے کو دو حصوں میں نہ پھاڑیں بلکہ پورے سالم صفحات بانٹیں۔






- اگر آپ کے پاس 2 بوتھ ہیں تو ایک بوتھ مردوں اور ایک عورتوں کے لیے ہوگا۔ اس لیے انتخابی فہرست کو تقسیم کرنے کی کوئی ضرورت نہیں، کیونکہ یہ پہلے سے تقسیم شدہ ہوگی۔
- اگر آپ کے پاس 3 بوتھ ہیں تو غالباً دو بوتھ مردوں اور ایک عورتوں کے لیے ہوگا۔ ایسی صورت میں انتخابی فہرست کا مردانہ حصہ ہر ممکن حد تک دو مساوی حصوں میں تقسیم کریں (صفحات کو پھاڑے بغیر) تاکہ مردوں کے لیے ہر بوتھ میں ووٹوں کی تعداد تقریباً برابر ہو۔
- اگر آپ کے پاس 4 بوتھ ہیں تو غالباً دو بوتھ مردوں اور دو عورتوں کے لیے ہوں گے۔ ایسی صورت میں انتخابی فہرست کے ہر دو حصوں کو دو مساوی حصوں میں بانٹیں۔



3.04

# پولنگ اسٹیشن کھولنا


| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 |  | پولنگ اسٹیشن میں ان افراد کو بلائیں جو قانونی طور پر وہاں آنے کے مجاز ہیں، یعنی پولنگ ایجنٹ، الیکشن ایجنٹ، امیدوار، مجاز مبصرین، اور کوئی بھی ایسا فرد جس کے پاس ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر یا الیکشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ اجازت نامہ ہو۔ | تسلی کر لیں کہ آپ نے موزوں حفاظتی انتظامات کیے ہیں اور ڈیوٹی پر موجود پولیس افسروں کو مجاز افراد کی فہرست دیدی ہے۔<br>اگر پولنگ شروع ہونے کے وقت تک کوئی بھی پولنگ ایجنٹ نہ آئے، یا صرف چند ایک ہی آئیں تو جو نہیں آئے ہیں ان کے بغیر ہی کاروائی آگے بڑھائیں۔<br>پولنگ اسٹیشن کھولنے سے قبل تمام پولنگ ایجنٹوں کا موجود ہونا لازمی نہیں۔ |
| 2 |  | بیلٹ پیپروں پر مشتمل چھوٹے تھیلے سب اُمیدواروں، ایجنٹوں اور مبصرین کے سامنے کھولیں۔ | اطمینان کر لیں کہ تمام متعلقہ افراد (پولنگ ایجنٹ اور مبصرین) اس سارے عمل کو واضح طور پر دیکھنے کے قابل ہیں۔ |
| 3 |  | چھوٹے سفید تھیلے میں سبز بیلٹ پیپروں (برائے قومی اسمبلی) کے آغاز اور آخر کا سیریل نمبر چیک کر کے ہر پیکٹ کی تعداد کا تعین کریں۔ ایک کاغذ پر ابتدائی اور آخری سیریل نمبر لکھ لیں۔ | ''قومی اسمبلی بیلٹ پیپر اکاؤنٹ فارم'' میں سیریل نمبرز (اور تعداد) نوٹ کرنا یاد رکھیں۔ |
| 4 |  | چھوٹے خاکی تھیلے میں سفید بیلٹ پیپروں (برائے صوبائی اسمبلی) کے آغاز اور آخر کا سیریل نمبر چیک کر کے ہر پیکٹ کی تعداد کا تعین کریں۔ ایک کاغذ پر ابتدائی اور آخری سیریل نمبر لکھ لیں۔ | ''صوبائی اسمبلی بیلٹ پیپر اکاؤنٹ فارم'' میں سیریل نمبرز (اور تعداد) نوٹ کرنا یاد رکھیں۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 5 |  | پولنگ اسٹیشن میں موجود پولنگ ایجنٹوں سے کہیں کہ اس عمل کے گواہ کی حیثیت میں فارم پر دستخط کریں تاکہ وصول شدہ بیلٹ پیپروں کی قسم اور تعداد کی تصدیق ہو جائے۔ | ان سے کہیں کہ ''بیلٹ پیپر اکاؤنٹ فارم'' میں مخصوص جگہ پر بطور گواہ دستخط کریں۔ |
| 6 |  | اپنے اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسروں کو ووٹنگ بوتھوں کے لیے ضرورت کے مطابق بیلٹ پیپر تقسیم کریں۔ | ہر بوتھ کے پہلے اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کو سبز بیلٹ پیپر برائے قومی اسمبلی اور دوسرے اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کو سفید بیلٹ پیپرز برائے صوبائی اسمبلی ملیں گے۔ |
| 7 |  | بیلٹ بکس تیار کریں۔ ایک ایک کر کے ہر خالی بیلٹ بکس پولنگ اسٹیشن میں موجود امیدواروں، ایجنٹوں اور مبصرین کو دکھائیں۔ | یہ مرحلہ اہم ہے کیونکہ اس طرح انتخابی عمل کی شفافیت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ |
| 8 |  | پہلا بیلٹ بکس دکھانے اور سِیل کرنے کے بعد ہر بیلٹ بکس کے لیے یہی عمل دہرائیں۔ | اس وقت کے بعد سے لے کر گنتی شروع ہونے کے وقت تک کسی بھی بیلٹ بکس کو ہرگز نہ کھولیں۔ |
| 9 |  | جب آپ خالی بیلٹ بکس دکھالیں اور انہیں سِیل بند کر دیں تو فارم XI-A برائے تصدیق بیلٹ بکس نکالیں۔ اس عمل کو دیکھنے والے ہر ایک پولنگ ایجنٹ سے کہیں کہ وہ ان میں سے ایک فارم پُر کریں اور اس پر دستخط کریں۔ | اگر کوئی پولنگ ایجنٹ فارم پر دستخط نہیں کرنا چاہتا/ چاہتی تو وہ ایسا کرنے کا/ کی پابند نہیں۔ |
| 10 |  | ووٹنگ کے لیے طے شدہ وقت کا انتظار کریں اور تب اعلان کریں کہ ووٹنگ شروع ہو گئی ہے۔ | آپ کے لیے لازمی ہے کہ ووٹنگ شروع ہونے سے قبل مقررہ وقت کا انتظار کریں۔ |

3.05


# نیا شفاف بیلٹ بکس!

## بیلٹ بکس کے مختلف حصے












3.06


# بیلٹ بکس کھولنا اور بند کرنا


## بیلٹ بکس کی چیکنگ



1. ڈھکن اٹھا کر بیلٹ بکس کھولیں (تصویر نمبر 1)۔
2. اب بیلٹ بکس کی کا اندرونی حصہ دکھائی دے گا۔ خالی بیلٹ بکس تمام پولنگ ایجنٹوں اور پولنگ بوتھ پر موجود دیگر افراد کو دکھائیں۔

## بیلٹ باکس کو احتیاط سے بند کرنا







3. بیلٹ بکس کا ڈھکن بند کریں۔
4. سِیلوں پر نمبر اور ای سی پی کا مونوگرام پولنگ ایجنٹوں اور پولنگ بوتھ پر موجود دیگر افراد کو دکھائیں۔ ان سے کہیں کہ سِیل نمبر ریکارڈ کر لیں/لکھ لیں۔
5. بیلٹ بکس کی چاروں طرف ایک ایک سِیل لگائیں۔
6. سِیل بند کرنے کے لیے سِیل کا نوک دار سرا ڈھکن اور بیلٹ بکس کے سوراخ میں سے اندر ڈالنا شروع کریں۔ سِیل کے دندانے آپ کی طرف ہونے چاہئیں۔
7. اب سِیل کا نوک دار سرا سِیل ٹیگ پر لگے تیر کی سمت کے مطابق سوراخ میں ڈالیں (تصویر نمبر 2 اور 3)۔
8. سِیل کا نوک دار سرا اتنا کھینچیں کہ وہ سوراخ کے گرد اچھی طرح کسا جائے (تصویر 4)۔
9. چٹخنی (latch) گھما کر بیلٹ بکس کی درز کھولیں۔ (یہ درز بیلٹ پیپر بیلٹ بکس کے اندر ڈالنے کے لیے ہے)
10. پولنگ ختم ہونے پر چٹخنیاں گھما کر درز بند کر دیں اور دونوں چٹخنیوں کے اندر سے ایک اور سِیل گزاریں (تصویر نمبر 5 اور 6)۔


پانچویں سِیل پر نمبر اور ای سی پی کا مونوگرام ایجنٹوں اور پولنگ بوتھ پر موجود دیگر افراد کو دکھائیں، اور ان سے سِیل نمبر نوٹ کر لینے کا کہیں۔


## بیلٹ بکس دوبارہ کھولنا



11. بیلٹ بکس کھولنے کے لیے سِیل ٹیگ توڑیں۔ سِیلیں توڑنے سے قبل پولنگ ایجنٹوں اور پولنگ سٹیشن پر موجود دیگر افراد کو سِیل نمبر دکھا لیں اور ان سے کہیں کہ قبل ازیں (پولنگ سے پہلے اور بعد) نوٹ کیے ہوئے نمبروں کے ساتھ انہیں چیک کریں۔
12. سِیل ٹیگ توڑنے کے لیے اس کا فالتو حصہ پکڑ کر اوپر اور پرے کی طرف کھینچیں (تصویر 7)۔
13. اگر ٹیگ توڑنے میں کوئی مشکل ہو تو قینچی کی مدد سے مرکزی حصہ کاٹ دیں (تصویر 8)۔









3.07

# گتے سے بنائی گئی نئی ووٹر اسکرینیں




گتے کی نئی ووٹر اسکرینیں پانچ آسان مراحل میں جوڑی جاسکتی ہیں!










3.08

# بیلٹ باکسز کی تصدیق

ہر پولنگ ایجنٹ/اُمیدوار/الیکشن ایجنٹ ایک ایک فارم پر کرے گا۔

**FORM XI - A**

[***See*** rule 54 (3)]

ہر پولنگ ایجنٹ/اُمیدوار/الیکشن ایجنٹ
ایک ایک فارم پر کرے گا۔

**Statement to be signed by the candidates/ election agents/ polling agents.**

I, ____________________________________________ a candidate or *election agent/

polling agent of ________________________________________________________

Candidate for constituency ____________________________________________ do

hereby certify that I have personally inspected the ballot box (es) provided by Election Commission at

polling station No. ______________________ and have found it/them to be empty.

**Address:** _______________

_______________

_______________

**Of the candidate/ election agent/ polling agent.**

**Name:** ____________________

**Date:** _______________

---

*Strike off words not applicable




3.09

# ووٹنگ کا عمل

1




ووٹر پولنگ اسٹیشن میں داخل ہوتا ہے

2



پولنگ افسر قومی شناختی کارڈ چیک کرتا، انگوٹھے پر انمٹ
روشنائی سے نشان لگاتا اور ووٹر کا نام اور سیریل نمبر پکارنے
کے بعد اس کا نام انتخابی فہرست میں سے کاٹ دیتا ہے۔

3




پہلا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر قومی اسمبلی کے لیے بیلٹ پیپر
جاری کرتا، اس کی پشت پر مہر لگاتا اور دستخط کرتا ہے۔
وہ بیلٹ پیپر کے کاؤنٹر فوائل پر اندراج کرے گا۔

4





دوسرا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر صوبائی اسمبلی کے لیے بیلٹ پیپر جاری کرتا،
اس کی پشت پر مہر لگاتا اور دستخط کرتا/کرتی ہے۔
وہ بیلٹ پیپر کے ثنی پر ضروری اندراج کرے گا۔
وہ ووٹر کو نو خانوں والی مہر دے کر اس کی رہنمائی کرے گا

5



ووٹر بیلٹ پیپروں پر مہر لگاتا ہے

6



ووٹر متعلقہ بیلٹ بکسوں میں بیلٹ ڈالتا ہے

7




اور ووٹر پولنگ اسٹیشن سے باہر نکلتا ہے



3.10

# پولنگ افسروں کی ذمہ داریاں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 |  | ووٹر کو میز کی جانب بلا کر اس کا قومی شناختی کارڈ چیک کریں۔ | اگر ووٹر کے پاس قومی شناختی کارڈ نہیں ہے تو اسے ووٹ ڈالنے کی اجازت نہیں۔ اسے واپس بھیج دیں۔ قومی شناختی کارڈ کے اصلی اور قابل قبول ہونے کی تسلی کریں۔ |
| 2 |  | ووٹر لسٹ میں ووٹر کا نام ڈھونڈیں۔ نام اور سلسلہ نمبر اونچی آواز میں پکارا جانا چاہیے۔ | اطمینان کر لیں کہ تمام ایجنٹ اس کا بلند آواز میں بولا گیا نام سن لیں۔ |
| 3 |  | بال پوائنٹ اور پلاسٹک کے پیمانے کی مدد سے ووٹر لسٹ میں اس کے نام پر لکیر کھینچ دیں۔ | درست نام کاٹتے وقت احتیاط کریں۔ |
| 4 |  | ووٹر کے دائیں ہاتھ کا انگوٹھا دیکھیں کہ اس پر انمٹ روشنائی تو نہیں لگی ہوئی۔ | پہلے سے روشنائی لگی ہونے کا مطلب ہے کہ ووٹر ووٹ ڈال چکا ہے۔ اسے واپس بھیج دیں اور پریذائیڈنگ افسر کو مطلع کریں۔ |
| 5 |  | دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر انمٹ روشنائی سے نشان لگائیں۔ روشنائی سوکھنے کے لیے چند سیکنڈ انتظار کریں۔<br>اگر ووٹر کا دایاں انگوٹھا نہیں ہے تو اس کے ساتھ والی انگلی پر نشان لگائیں۔ | روشنائی درست طریقے سے لگانا اہمیت کا حامل ہے کیونکہ بعد میں اسے مٹایا نہیں جا سکتا۔ اگر ووٹر کی جلد چکنائی والی ہے تو اسے ایک نیپکن/ٹشو پیپر دیں تاکہ روشنائی لگانے سے قبل ہاتھ اچھی طرح صاف ہو۔ |
| 6 |  | ووٹر کو پہلے اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کے پاس بھیجیں۔ | اطمینان کر لیں کہ قطار منظّم انداز میں ایک سے دوسرے میز تک آگے بڑھے۔ |





3.11

# قومی شناختی کارڈ چیک کرنا

ووٹر کا کارآمد اور حقیقی قومی شناختی کارڈ چیک کرتے ہوئے مندرجہ ذیل چیزوں پر توجہ دیں:

| 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|
| عمر و تاریخ پیدائش | باپ کا نام | ووٹر کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر |







## انتخابی فہرست 2007

(مرد)

انتخابی علاقے کا نام: F-10/4    پٹوار حلقہ / پٹے دار حلقہ: اسلام آباد    تحصیل / تعلقہ: اسلام آباد    ضلع: اسلام آباد

شماریاتی بلاک کوڈ: 046070704    یونین کونسل: ______

| 1 سلسلہ نمبر | 2 گھرانہ نمبر | 3 نام | 4 والد کا نام | 5 شناختی کارڈ نمبر | 6 یکم جنوری 2007 کو عمر | 7 پتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 23 | 1 | سید محمد مبین شہزاد بخاری | سید یٰسین بخاری | 61101-1887754-1 | 38 سال | مکان نمبر 60-B، سٹریٹ نمبر 39، سیکٹر F-10/4، اسلام آباد۔ |

- نام: شناختی کارڈ کے سامنے درج نام سے ملائیں
- والد کا نام: شناختی کارڈ کے سامنے درج ولدیت سے ملائیں
- شناختی کارڈ نمبر: شناختی کارڈ کے سامنے اور پیچھے لکھے نمبر سے ملائیں
- عمر: شناختی کارڈ پر تاریخ پیدائش کے ساتھ ملائیں
- پتہ: شناختی کارڈ پر درج پتے کے ساتھ ملائیں

ہینڈ آؤٹ
3.12

# اگر ایسا ہو....

1



کوئی ووٹر اپنا شناختی کارڈ ساتھ لیے بغیر آ جائے؟ یا وہ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی یا غیر مستند شناختی کارڈ پیش کرے؟

2



کوئی شخص اپنے گھر کے کسی فرد یا دوست کی جانب سے ووٹ ڈالنے آ جائے؟

3



کوئی شخص ووٹ تو ڈالنے آ جائے لیکن اس کا نام ووٹر لسٹ میں نہ ہو؟

4



کوئی شخص ووٹ ڈالنے آئے لیکن الیکشن/ پولنگ ایجنٹ اسے چیلنج کر دے؟

5






کوئی شخص ووٹ ڈالنے آئے لیکن اس کا نام ووٹر لسٹ پر پہلے ہی کاٹا جا چکا ہو؟




3.13


# پہلے اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کی ذمہ داریاں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 |  | ووٹ ڈالنے کے لیے قومی اسمبلی کا بیلٹ پیپر تیار کریں۔ | تسلی کرلیں کہ آپ نے بیلٹ پیپر کے ثنیٰ پر تمام مطلوبہ معلومات درست درج کی ہے۔ |
| 2 |  | ثنیٰ (کاؤنٹرفوائل) پر مہیا کی گئی جگہ پر ووٹر کے انگوٹھے کا نشان لگوائیں۔ عموماً مردوں کا بایاں اور عورتوں کا دایاں انگوٹھا لگوایا جاتا ہے۔ | اگر ووٹر کا انگوٹھا نہیں ہے تو اس کے ساتھ والی انگلی کا نشان لیں۔ اگر ووٹر انگوٹھا لگانے سے انکار کردے تو اسے بیلٹ پیپر نہیں دینا چاہیے۔ |
| 3 |  | ثنیٰ (کاؤنٹرفوائل) پر سرکاری کوڈ کی مہر لگائیں اور بیلٹ پیپر کو احتیاط کے ساتھ کاؤنٹرفوائل سے پھاڑیں۔ | اطمینان کرلیں کہ بیلٹ پیپر پھٹا ہوا تو نہیں۔ اگر ایسا ہے تو اسے ''کینسل'' کریں، اس کے ضائع ہونے کا اندراج کریں اور دوسرا بیلٹ پیپر دیدیں۔ |
| 4 |  | بیلٹ پیپر کی پشت پر سرکاری کوڈ کی مہر لگائیں۔ مہر کے نشان پر اپنے دستخط کریں۔ | یہ مرحلہ نہایت اہم ہے۔ اگر آپ نے بیلٹ پیپر کی پشت پر مہر لگا کر دستخط نہ کیے تو ووٹ شمار نہیں ہوگا! خیال رکھیں کہ مہر اور آپ کے دستخط بیلٹ پیپر کے وسط میں ہوں۔ |
| 5 |  | بیلٹ پیپر ووٹر کے حوالے کریں اور اسے دوسرے اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کے پاس بھیجیں۔ | اطمینان کرلیں کہ قطار منظّم اور باضابطہ انداز میں ایک سے اگلے میز کی جانب بڑھے۔ |




3.14

# مثنیٰ (کاؤنٹرفوائل) کو پُر کرنا




ووٹر کے قومی شناختی کارڈ کا نمبر لکھیں۔ یہ نمبر ووٹر لسٹ کے کالم نمبر 5 پر ہوتا ہے۔

ووٹر لسٹ میں موجود ووٹر کا نمبر لکھیں۔ یہ نمبر فہرست کے کالم نمبر 1 میں ہوتا ہے۔




ووٹر لسٹ کا شماریاتی بلاک کوڈ لکھیں۔ یہ نمبر شیٹ پر سب سے اوپر ہوتا ہے۔

ووٹر لسٹ میں سے انتخابی حلقے (الیکٹورل ایریا) کا نام لکھیں۔ یہ نمبر ووٹر لسٹ کے بالائی حصے میں ہوتا ہے۔

ووٹر کے انگوٹھے کا نشان لیں: مردوں کا بایاں اور عورتوں کا دایاں۔

3.15


# دوسرے اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کی ذمہ داریاں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 |  | ووٹنگ کے لیے صوبائی اسمبلی کے بیلٹ پیپر کی تیاری کریں۔ | تسلی کرلیں کہ آپ نے بیلٹ پیپر کے ٹنی پر تمام مطلوبہ معلومات درست درج کی ہیں۔ |
| 2 |  | ٹنی (کاؤنٹرفوائل) پر مہیا کی گئی جگہ پر ووٹر کے انگوٹھے کا نشان لگوائیں۔ عموماً مردوں کا بایاں اور عورتوں کا دایاں انگوٹھا لگوایا جاتا ہے۔ | اگر ووٹر کا انگوٹھا نہیں ہے تو اس کی ساتھ والی انگلی کا نشان لیں۔ |
| 3 |  | ٹنی (کاؤنٹرفوائل) پر سرکاری کوڈ کی مہر لگائیں اور بیلٹ پیپر کو احتیاط کے ساتھ کاؤنٹرفوائل سے پھاڑیں۔ | اطمینان کرلیں کہ بیلٹ پیپر پھٹا ہوا تو نہیں۔ اگر ایسا ہے تو اسے ''کینسل'' کریں، اس کے ضائع ہونے کا اندراج کریں اور دوسرا بیلٹ پیپر دیدیں۔ |
| 4 |  | بیلٹ پیپر کی پشت پر سرکاری کوڈ کی مہر لگائیں۔ مہر کے نشان پر اپنے دستخط کریں۔ | یہ مرحلہ نہایت اہم ہے۔ اگر آپ نے بیلٹ پیپر کی پشت پر مہر لگا کر دستخط نہ کیے تو بیلٹ شمار نہیں ہوگا! |
| 5 |  | نشان لگانے والی مہر پر ہلکی سی سیاہی لگا کر ووٹر کو دیں۔ | مہر پر بہت زیادہ سیاہی نہیں لگانی چاہیے۔ |
| 6 |  | ووٹر کو سمجھائیں کہ بیلٹ پیپر پر نشان کیسے لگانا ہے۔ | آپ ووٹر کو ''بیلٹ پیپر پر نشان لگانے کا طریقہ'' دیکھنے/سمجھنے کے لیے پوسٹر کی جانب بھی بھیج سکتے ہیں۔ |
| 7 |  | ووٹر کو اپنے بیلٹ پیپر پر نشان لگانے کے لیے علیحدہ بنائی گئی رازداری والی جگہ پر بھیجیں۔ جب وہ واپس آئے تو تسلی کرلیں کہ اس نے دونوں بیلٹ پیپر علیحدہ علیحدہ تہہ کیے ہوئے ہیں۔ تب اسے متعلقہ بیلٹ بکس میں پیپر ڈالنے کی ہدایت کریں۔ | اطمینان کرلیں کہ جب ووٹر اپنا قومی اور صوبائی اسمبلی کے لیے علیحدہ علیحدہ تہہ کیا ہوا ووٹ اندر ڈالے تو آپ بیلٹ پیپر کی پشت پر مہر کا نشان اور اپنے دستخط دیکھ سکیں۔ |
| 8 |   | ووٹر کا شکریہ ادا کریں اور پولنگ اسٹیشن سے باہر جانے کی راہ دکھائیں۔ | اطمینان کرلیں کہ ہر شخص منظم انداز میں باہر جائے۔ مرد اور خواتین ووٹروں کے لیے الگ قطار بنوائیں۔ |

ہینڈ آؤٹ
3.16


# ووٹنگ کا طریقۂ کار

1




بیلٹ پیپر پر اُمیدواروں کے نام اور انتخابی نشان چھپے ہوئے ہیں۔ نشان لگانے کے لیے مہر پولنگ سٹیشن پر دی جائے گی۔

2




ووٹنگ اسکرین کے پیچھے جائیں اور بیلٹ پیپر پر اپنی پسند کے امیدوار کے نام اور انتخابی نشان کے خانے میں مہر لگائیں۔

3




ایک بیلٹ پیپر پر لگائی گئی مہر

4




ووٹنگ اسکرین کے پیچھے جا کر بیلٹ پیپر پر نشان لگانے کے بعد وہیں پر اسے یوں تہہ کریں کہ لگایا گیا نشان اندر کی طرف ہو اور نظر نہ آئے۔ بیلٹ پیپر تہہ کرتے وقت اُمیدوار کے نشان کے اوپر نام ہو۔

5



دو تہیں لگاتے وقت اس بات کا بھی خیال رکھیئے کہ بیلٹ پیپر کی پشت پر لگا ہوا سرکاری مہر کا نشان دکھائی دے سکے۔

6



ووٹنگ اسکرین سے باہر آ کر اپنے ووٹ کی تہہ شدہ پرچی بیلٹ بکس میں ڈال دیں جو پریذائیڈنگ افسر یا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کی میز پر رکھا جائے گا۔

3.17

# ضائع شدہ بیلٹ پیپرز

ضائع شدہ بیلٹ پیپر وہ ہے جس پر غلطی سے نشان لگ جائے یا پھٹ جائے یا اس طرح مسخ ہو جائے کہ ایک کارآمد بیلٹ پیپر کے طور پر استعمال نہ کیا جا سکتا ہو۔

ایک ضائع شدہ بیلٹ پیپر کی صورت میں پریذائیڈنگ افسر یا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کو چاہیے کہ:

بیلٹ پیپر کی پچھلی طرف لفظ ''ضائع شدہ'' لکھ دیں۔

اگر آپ کو کوئی نشان زدہ بیلٹ پیپر پولنگ اسٹیشن کے اندر یا باہر پڑا ہوا ملے تو اس پر اوپر بتائے گئے طریقے کے مطابق ''ضائع شدہ'' لکھیں۔

↓

مثنیٰ (کاؤنٹرفوائل) پر کیے گئے دستخطوں کے اوپر لفظ ''ضائع شدہ'' لکھیں۔

↓

ضائع شدہ بیلٹ پیپر کو متعلقہ لفافے میں ڈالیں (ای سی پی V)


قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے لیے الگ الگ پیکٹ استعمال کریں۔

↓

ووٹر کو ایک نیا بیلٹ پیپر جاری کرنے کے لیے مثنیٰ (کاؤنٹرفوائل) پُر کریں، بیلٹ پیپر کی پشت پر مہر لگائیں اور دستخط کریں، جیسا کہ معمول میں کیا جاتا ہے۔

ہینڈ آؤٹ 3.18


# پولنگ کے دن پریذائیڈنگ افسر کی ذمہ داریاں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 |  | ایسی جگہ پر کھڑے ہوں یا بیٹھیں جہاں سے تمام پولنگ بوتھ دیکھے جا سکتے ہوں۔ اطمینان کر لیں کہ ووٹنگ کا عمل قواعد کے مطابق ہو رہا ہے اور آپ کا پولنگ عملہ اپنے فرائض ٹھیک طریقے سے انجام دے رہا ہے۔ | اگر عمارت کے نقشے (لے آؤٹ) کی وجہ سے ایسا ممکن نہ ہو تو آپ وقفے وقفے سے ایک پولنگ بوتھ سے دوسرے پولنگ بوتھ تک چلتے ہوئے جا سکتے ہیں۔ |
| 2 |  | گاہے بگاہے یہ دیکھنے کے لیے ہر پولنگ بوتھ کا راز داری والا (Screened) حصہ چیک کرتے رہیں کہ کسی شخص نے وہاں کوئی کاغذ یا انتخابی مہم کا مواد تو نہیں رکھ دیا۔ اگر ایسا مواد ملے تو اسے فوراً وہاں سے اٹھا دیں۔ | یہ کام صرف اس صورت میں کریں جب پردے کے پیچھے کوئی ووٹر نہ ہو۔ |
| 3 |  | تمام فارم، پیکٹ اور سامان محفوظ جگہ پر رکھیں تاکہ کوئی بھی ان میں تحریف و تبدیلی نہ کر سکے۔ | پیکٹوں اور فارموں کے ایک سیٹ پر ''قومی اسمبلی'' اور دوسرے پر ''صوبائی اسمبلی'' کا لیبل لگائیں۔ اس طرح گنتی کے دوران آپ کا وقت بچے گا۔ |
| 4 |  | مسائل یا خصوصی معاملات پیش آنے کی صورت میں پولنگ افسروں اور اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسروں کو ہدایات یا مدد دینے کے لیے تیار رہیں ...... بالخصوص مشکوک اور چیلنج شدہ ووٹوں کے معاملے میں۔ | چیلنج شدہ اور مشکوک ووٹوں سمیت تمام خصوصی معاملات نمٹانے کے لیے مہیا کردہ ہدایات پر عمل کریں۔ |
| 5 |  | پولنگ اسٹیشن سے باہر پولیس کو گاہے بگاہے چیک کر کے تسلی کریں کہ کوئی گڑبڑ یا غیر قانونی حرکت تو نہیں ہو رہی، اور دیکھیں کہ پولنگ اسٹیشن سے 100 گز کے حلقے میں کوئی انتخابی مواد تو موجود نہیں۔ | کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی صورت میں یاد رکھیں کہ اس روز آپ کو فرسٹ کلاس مجسٹریٹ والے اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔ |

3.19

# ووٹروں سے سلوک

پولنگ عملے کے لیے لازمی ہے کہ تمام وقت ووٹروں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔ ووٹر کی سہولت یقینی بنانے کے لیے مندرجہ ذیل ضروری باتیں یاد رکھیں!





| ضرور کریں | ہرگز نہ کریں |
|---|---|
| مسکرا کر ووٹروں کو پولنگ اسٹیشن میں خوش آمدید کہیں۔ یاد رکھیں کہ آپ ایک خدمت فراہم کر رہے ہیں۔ | کسی بھی ووٹر کے ساتھ درشت یا ناشائستہ رویہ نہ اپنائیں، چاہے وجہ کچھ بھی ہو۔ |
| گھبرائے ہوئے ووٹروں کی مدد کریں۔ | ووٹ ڈالنے کے دوران غیر ضروری بحث مباحثہ کے ذریعے ووٹر کی رائے متاثر نہ کریں۔ |
| اطمینان کر لیں کہ آپ ایسے ووٹروں کی خصوصی ضروریات پوری کریں جو معمر، بیمار، معذور یا اپاہج ہیں۔ | ووٹروں کو انتظار نہ کروائیں۔ فوراً اور مستعد انداز میں تمام کارروائی نمٹائیں۔ |
| تمام ووٹروں سے مساوی سلوک کریں چاہے ان کا تعلق کسی بھی ذات، طبقے، صنف، نسل یا مذہب سے ہو۔ | ووٹروں کے خلاف تعصب و ناپسندیدگی کا مظاہرہ نہ کریں۔ |

3.20

# ٹینڈرڈ ووٹ (Tendered Vote)

اگر کوئی شخص ووٹ ڈالنے آئے اور اس کے انگوٹھے پر انمٹ سیاہی کا نشان نہیں، مگر ووٹر لسٹ میں اس کا نام کٹا ہوا ہے تو اسے ایک ”مشکوک ووٹ“ (Tendered Vote) ڈالنا ہوگا۔

ایک مشکوک ووٹ کے معاملے میں پریذائیڈنگ افسر کو چاہیے کہ:

ووٹر لسٹ دوبارہ چیک کرے اور اطمینان کرے کہ آپ درست اندراج ہی دیکھ رہے ہیں۔

ووٹر کو معمول کی کارروائی سے گزاریں۔

قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے لیے دو الگ الگ پیکٹ تیار کریں۔

جب ووٹر اپنے بیلٹ پیپروں پر نشان لگا چکے تو انہیں ”مشکوک بیلٹ پیپروں“ (Tendered Ballot Papers) والے پیکٹ میں ڈالیں۔

ووٹر کو بیلٹ بکسوں میں نہ ڈالنے دیں! مشکوک ووٹ دیگر بیلٹ پیپرز کے ساتھ نہیں گنے جائیں گے۔

فارم XII: ”مشکوک ووٹوں کی فہرست“ (Tendered Votes List) کی دونوں کاپیوں پر ووٹر کے متعلق تمام مطلوبہ معلومات درج کریں۔ فارم پر ووٹر کے انگوٹھے کا نشان لگوائیں۔ ووٹر کو پولنگ اسٹیشن سے باہر جانے کی ہدایت کریں۔

ووٹر کو اس وقت تک پولنگ اسٹیشن سے باہر نہ جانے دیں جب تک آپ فارم کی دونوں کاپیوں پر مطلوبہ معلومات درج نہ کرلیں!

3.21

# فارم XII: ٹینڈرڈ ووٹوں کی فہرست

**FORM XII**

[*See* rule 20 (1)]

**TENDERED VOTES LIST**

ہر مشکوک ووٹر کا نام دو فہرستوں
پر درج ہوگا: ایک قومی اسمبلی اور
دوسری صوبائی اسمبلی کے لیے

**Election to the** ____________________

From ______________________________________ Constituency

Polling Station ______________________________________

| Serial number of tendered Ballot paper | Name of Elector | Serial number of elector in the electoral roll | Name of the electoral area | Address of the elector | Signature or thumb impression of the person tendering the vote |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| | | | | | |

**Place** ____________________

**Date** ____________________ **Presiding Officer**

3.22

# چیلنج کیے گئے ووٹ

کوئی بھی پولنگ ایجنٹ یا اُمیدوار کسی بھی ایسے شخص کا ووٹ چیلنج کرنے کا حق رکھتا ہے جس کے بارے میں اسے یقین ہو کہ.....



پہلے بھی ووٹ ڈال چکا ہے۔



کسی اور ووٹر کی جگہ آیا ہے۔

چیلنج کیے گئے ووٹ کے معاملے میں پریذائیڈنگ افسر کو مندرجہ ذیل باتوں پر عمل کرنا چاہیے:

یہ جاننے کے لیے کہ وہ شخص کسی اور کا روپ اختیار کرنے کا مرتکب ہوا ہے، کوئی بھی فوری دستیاب شہادت حاصل کریں اور اس شخص کو اِس غلط حرکت کے نتائج سے آگاہ کریں۔

اگر آپ کو پورا یقین ہے کہ مشکوک ووٹر واقعی کسی اور کی جگہ ووٹ ڈالنے آیا ہے تو اسے بیلٹ پیپر نہ دیں اور قانونی کارروائی کے لیے پولیس کے حوالے کردیں۔

اس شخص کو بطور چیلنج شدہ ووٹر خیال کریں، چاہے آپ کو اس کی بے گناہی کا یقین بھی ہو۔

چیلنج کرنے والے ایجنٹ/اُمیدوار کو متنبہ کریں کہ ضروری ہوا تو یہ الزام اسے عدالت میں ثابت کرنا ہوگا۔

ووٹر کو چیلنج کرنے والے ایجنٹ یا امیدوار سے 2 روپے فیس وصول کریں اور ہاتھ سے لکھی ہوئی رسید دیں۔

تمام جمع شدہ رقم پولنگ کے بعد ریٹرننگ افسر کو بھجوادی جائے گی۔

ووٹر کو معمول کی کارروائی سے گزاریں۔

انگوٹھے کا نشان لگانے کے علاوہ ووٹر کو دونوں کاؤنٹر فوائلز پر بھی دستخط کرنے چاہئیں (اس کے ان پڑھ ہونے کی صورت میں یہ لازمی نہیں)۔

نشان زدہ بیلٹ پیپروں کو دو مختلف ''چیلنج کیے گئے بیلٹ پیپرز'' (Challenged Ballot Papers) والے پیکٹوں میں رکھیں، جن میں سے ایک قومی اسمبلی اور دوسرا صوبائی اسمبلی کے لیے ہے۔

ووٹر کو بیلٹ بکس میں ووٹ نہ ڈالنے دیں۔

فارم XIII: ''چیلنج کیے گئے ووٹوں کی فہرست'' (Challenged Votes List) کی دونوں کاپیوں پر ووٹر کے متعلق تمام مطلوبہ معلومات درج کریں۔ ووٹر کو پولنگ اسٹیشن سے باہر جانے کی ہدایت کریں۔

ووٹر کو اس وقت تک پولنگ اسٹیشن سے باہر نہ جانے دیں جب تک آپ فارم کی دونوں کاپیوں پر مطلوبہ معلومات درج نہ کرلیں!

3.23

**FORM XIII**
**[*See* rule 21 (1)]**

**CHALLENGED VOTES LIST**

چیلنج کیے گئے ہر ووٹر کا نام دو فہرستوں پر درج ہوگا جن میں سے ایک قومی اسمبلی اور دوسری صوبائی اسمبلی کے لیے ہوگی۔ چیلنج کرنے والے سے 2 روپے بطور فیس لیے جائیں گے اور دن کے اختتام پر کل رقم گن کر اور نوٹ کر کے ریٹرننگ افسر کو بھجوانا ہوگی۔

**Election to the** ____________________

**From** ______________________________ **Constituency**

**Polling Station** ______________________________

| Serial Number of entry | Name of the elector | Name of the electoral area in which the elector is enrolled | Serial Number of elector on the electoral roll | Signature or thumb impression of the person challenged | Address of the person challenged | Name of identifier, if any | Name and address of challenger | Order of the Presiding Officer |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| | | | | | | | | |

Certified that a sum or Rs ____________ has been received on account of challenged votes and the amount in question has been deposited with the Returning Officer

چیلنج کرنے والے سے 2 روپے بطور فیس لیے جائیں گے اور دن کے اختتام پر کل رقم گن کر اور نوٹ کر کے ریٹرننگ افسر کو بھجوانا ہوگی۔

Place ____________________

Date ____________________

*Signature of Presiding Officer*




3.24

# خصوصی صورتحال

دو صورتیں ایسی ہیں جن میں کوئی ووٹر مدد مانگ سکتا ہے۔



وہ نابینا ہو



وہ اس طرح معذور ہو کہ بیلٹ پیپر پر نہ تو نشان لگا سکتا ہو اور نہ بیلٹ بکس میں بیلٹ پیپر ڈال سکتا ہو۔

قانون کسی اندھے یا معذور شخص کو اجازت دیتا ہے کہ وہ اپنا بیلٹ پیپر ڈالنے کے لیے کسی ساتھی کی مدد حاصل کرے۔ ووٹر جس شخص سے چاہے مدد لے سکتا ہے، بشرطیکہ وہ مددگار شخص خود امیدوار یا امیدوار کا ایجنٹ نہ ہو۔

ان صورتوں میں پریذائیڈنگ افسر کو چاہیے کہ:




- مددگار کو ہدایت کریں کہ وہ ووٹر کی مرضی کے مطابق بیلٹ پیپروں پر نشان لگائے۔ وہ کسی بھی صورت میں کسی کو یہ نہیں بتا سکتا کہ ووٹر نے کس امیدوار کے حق میں ووٹ ڈالا ہے۔
- مدد کے مستحق ایسے ووٹروں کی ہاتھ سے لکھی ہوئی فہرست مع ساتھیوں کے نام تیار کریں۔




3.25

# امن وامان قائم رکھنا

عوامی نمائندگی کے قانون (ایکٹ مجریہ 1976ء) کے تحت پریذائیڈنگ افسر انتخابات کے دن بطور فرسٹ کلاس مجسٹریٹ عمل کرنے کا مجاز ہے۔



انتخابات کے دن پریذائیڈنگ افسر مندرجہ ذیل اختیارات رکھتا ہے:

1- کسی بھی ایسے شخص کو پولنگ اسٹیشن سے نکالنا جو غلط رویہ اپنائے یا قانونی احکامات ماننے سے انکار کرے۔

2- پولنگ معطل کرنا......اگر پولنگ اسٹیشن میں اس طرح مداخلت یا رکاوٹ پیدا ہو کہ پولنگ کے مجوزہ اوقات میں ووٹنگ نہ ہو سکے یا اگر بیلٹ بکس آپ کی تحویل میں نہ رہے یا اسے نقصان پہنچایا/توڑا پھوڑا جائے۔ ووٹنگ روکنے کی صورت میں فوراً ریٹرننگ افسر کو مطلع کرنا چاہیے۔

3- سرسری سماعت (سمری ٹرائل) سے متعلقہ خلاف ورزیوں پر قانونی کارروائی کرنا۔

پریذائیڈنگ افسر اور پولنگ عملہ کسی بھی ووٹر پر اثر انداز نہیں ہو سکتا اور نہ ہی بیلٹ پیپروں میں کوئی تحریف کر سکتا ہے۔ ایسا کرنا جرم ہے اور انہیں قانون کے مطابق سزا مل سکتی ہے!

ہینڈ آؤٹ
3.26

# امن وامان کے حوالے سے پریذائیڈنگ افسر کے اختیارات



قصداً کوئی بیلٹ پیپر پھاڑنا




ایک سے زائد مرتبہ ووٹ ڈالنے کی کوشش کرنا




مجاز نہ ہونے کے باوجود ووٹ ڈالنے کی کوشش کرنا



کسی اور ووٹر کی جگہ ووٹ ڈالنے آنا



پولنگ عملے کی جانب سے فرائض کی انجام دہی میں رکاوٹ بننا



پولنگ اسٹیشن سے 100 گز کی حدود کے اندر کوئی ایسی علامات اور/ یا بینر لگانا جو کسی امیدوار کے حق میں یا خلاف ہوں



پولنگ اسٹیشن سے 400 گز کی حدود کے اندر کسی امیدوار کے حق میں ووٹ ڈالنے کے لیے ووٹر کو راغب یا مائل کرنا



پولنگ اسٹیشن سے کوئی بیلٹ پیپر اٹھانا



مجاز نہ ہونے کے باوجود کسی کو بیلٹ پیپر دینا



بیلٹ بکس بھرنا



ووٹ ڈالنے کے لیے آنے والے کسی بھی ووٹر کو تنگ یا مشتعل کرنا



پولنگ کے روز پولنگ اسٹیشن کے نزدیک میگافون یا لاؤڈ سپیکر پر متواتر شور مچانا



مذکورہ بالا کسی بھی حرکت یا کوشش میں مددگار و معاون ہونا



کسی بیلٹ پیپر یا سرکاری نشان کی تحریف یا تبدیلی



کسی بیلٹ بکس یا بیلٹ پیپروں کے پیکٹ کو خراب کرنا، قبضے میں لینا، کھولنا یا کسی اور طریقے سے مداخلت کرنا



پولنگ بند ہونے اور بیلٹس کی گنتی میں تاخیر یا مداخلت کرنا




3.27

# فوری سماعت کے تحت سزا دہی

پریذائیڈنگ افسران مجسٹریٹ درجہ اول کے اختیارات کے حامل ہونے کی حیثیت میں مندرجہ ذیل جرائم/خلاف ورزیوں کی فوری سماعت کرسکتا ہے:



کسی اور ووٹر کی جگہ ووٹ ڈالنے آنا (نمائندگئ عوام ایکٹ 1976ء کا سیکشن 80)



پولنگ اسٹیشن اور/ یا پولنگ بوتھ پر قبضہ جمانا (نمائندگئ عوام ایکٹ 1976ء کا سیکشن 82A)



پولنگ سے قبل 48 گھنٹے سے کم وقت رہ جانے کے باوجود عوامی جلسہ منعقد کرنا (نمائندگئ عوام ایکٹ 1976ء کا سیکشن 84)



پولنگ اسٹیشن کے گرد 400 گز کے اندر اندر نعرے بازی کرنا (نمائندگئ عوام ایکٹ 1976ء کا سیکشن 85)



پولنگ اسٹیشن کے نزدیک ہنگامہ آرائی (نمائندگئ عوام ایکٹ 1976ء کا سیکشن 86)



بیلٹ پیپروں میں تحریف (نمائندگئ عوام ایکٹ 1976ء کا سیکشن 87)

مجسٹریٹ گواہوں سے شہادت لینے یا باقاعدہ فرد جرم عائد کرنے کا پابند نہیں، بلکہ وہ مجوزہ فارم میں مندرجہ ذیل تفصیلات درج کرے گا:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سیریل نمبر | جرم سرزد ہونے کی تاریخ | رپورٹ یا شکایت کی تاریخ | شکایت کرنے والے کا نام | ملزم کا نام، ولدیت اور پتا |
| جرم کی تفصیلات | ملزم کا بیان اور پوچھ گچھ | تفتیش کے نتائج، اور مرتکب پائے جانے کی صورت میں وجوہات کا بیان | سزا یا حتمی حکم | کارروائی کے خاتمے کی تاریخ |

فارم میں اندراجات کرنے کے بعد پریذائیڈنگ افسر قانون نافذ کرنے والے افسران کو پولنگ اسٹیشن پر بلوائے گا اور مجرم کو مزید کارروائی کے لیے ان کے سپرد کردے گا۔

ہینڈ آؤٹ 3.28

جناب......................................................پریذائیڈنگ آفیسر برائے..................................................کارجسٹر (پولنگ اسٹیشن کا نمبر اور نام) حلقہ انتخاب کا نمبر (حلقہ انتخاب کا نمبر اور نام) مجسٹریٹ درجہ اول کے اختیارات کا استعمال زیر دفعہ 86 الف، نمائندگی عوام ایکٹ 1976ء

(نوٹ کالم 7 تا 16 کی خانہ پری پریذائیڈنگ افسر خود کرے گا)

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نمبر شمار | جرم کے ارتکاب کی تاریخ | شکایت کنندہ کا نام (اگر کوئی ہے) | ملزم، نام | ولدیت | سکونت | جرم جس کی شکایت کی گئی، جرم کی نوعیت | جرم جو ثابت ہوا | اس جائیداد کی قیمت جس کیلئے جرم کا ارتکاب کیا گیا | سزا کیلئے ثبوت کا خلاصہ | ملزم کا مؤقف اور اس کا معائنہ (اگر ہے) | دفاع کیلئے ثبوت کا خلاصہ (اگر ہے) | جرم میں کیا بات سامنے آئی اور سزا کی صورت میں اس بارے میں اسباب کا مختصر بیان | سزا یا دیگر آخری حکم | تاریخ جس پر کارروائی ختم ہوئی | دستخط پریذائیڈنگ افسر |
| | | | | | | | | | | | | | | | |

3.29

# جعلی ووٹر کی گرفتاری کے لیے مجوزہ فارم

جبکہ (مسمی) -------------------------- ولد --------------------------

رہائش پذیر ----------------------------------------------------

مکمل پتہ ----------------------------------------------------

------------------------ تلبیس کا ملزم پایا گیا ہے ------------------------

لہٰذا اب میں (مسمی) ------------------------------------

پریذائیڈنگ افسر ------------------------------------

(پولنگ اسٹیشن کا نام و نمبر)

حلقہ انتخاب ------------------------

(حلقہ کا نام اور نمبر)

بذریعہ ہذا ایکٹ کی دفعہ 93 کے تحت ہدایت دیتا ہوں کہ اسے گرفتار کر کے مذکورہ جرم کے لیے عوامی نمائندگی کے ایکٹ، 1976 کے تحت اس پر مقدمہ چلایا جائے۔


مقام --------------

تاریخ -------------- پریذائیڈنگ افسر کے دستخط --------------------




3.30

# پولنگ اسٹیشن بند کرنا

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 |  | اختتامی وقت سے پانچ منٹ قبل پولنگ اسٹیشن سے باہر جائیں اور سب کے سامنے اعلان کریں کہ پانچ منٹ بعد ووٹنگ بند ہو جائے گی۔ | الیکشن کمیشن یا آپ کا ریٹرننگ افسر آپ کو اختتام کا وقت بتائے گا۔ اگر اس وقت میں کوئی ردوبدل ہوا ہے تو آپ کو سرکاری طور پر مطلع کیا جائے گا۔ |
| 2 |  | اختتام کے وقت پر اعلان کریں کہ اب پولنگ اسٹیشن بند ہو گیا ہے۔ | اختتامی وقت کے بعد آنے والے کسی بھی شخص کو ووٹ نہیں ڈالنے دینا چاہیے۔ |
| 3 |  | اگر ووٹروں کی قطار لگی ہے اور اختتام کا وقت آ گیا ہے تو قطار میں موجود لوگوں کو ووٹ ڈالنے کی اجازت دینا ہوگی۔ | اطمینان کر لیں کہ قطار میں موجود ہر شخص کو ووٹ ڈالنے دیا جائے، یا پھر قطار میں لگے ہر شخص کو پولنگ اسٹیشن کے اندر لے آئیں اور دروازے بند کر دیں۔ یا قطار کے آخر میں ایک پولیس افسر کو کھڑا کر دیں اور اسے ہدایت کریں کہ اور کسی شخص کو قطار میں لگنے کی اجازت نہ دے۔ |
| 4 |  | جب آخری ووٹر ووٹ ڈال چکے تو پولنگ اسٹیشن بند کریں اور پولنگ افسروں، پولنگ ایجنٹوں، اُمیدواروں اور مجاز مبصرین کے سوا کسی کو اندر آنے کی اجازت نہ دیں۔ | پولیس افسروں کو صرف اسی صورت میں پولنگ اسٹیشن کے اندر آنے دیا جائے جب پریذائیڈنگ افسر نے گڑبڑ کنٹرول کرنے کی خاطر انہیں خصوصی طور پر بلایا ہو۔ ان کا کام دروازوں پر پہرہ دینا ہے تا کہ کوئی غیر مجاز شخص عمارت میں داخل نہ ہو۔ |
| 5 |  | ہر ایک پولنگ بوتھ میں: آخری ووٹر کے فارغ ہونے کے بعد اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسروں کو چاہیے کہ اپنے بیلٹ بکسوں کے منہ بند کر کے سِیل لگا دیں تا کہ مزید کوئی بیلٹ پیپر نہ ڈال سکے۔ | اب آپ گنتی کے لیے تیار ہیں۔ |

3.31

# ووٹوں کی گنتی

## 1

گنتی کی تیاری

## 2

- قومی اسمبلی کے تمام بیلٹ پیپروں کی مجموعی گنتی
- چیلنج کیے گئے ووٹوں کی گنتی
- اُمیدواروں کے لیے قومی اسمبلی کے قبول شدہ بیلٹ پیپروں کی گنتی
- اُمیدواروں کے لیے قومی اسمبلی کے چیلنج شدہ بیلٹ پیپروں کی گنتی
- گنتی کے حوالے سے فارموں کو پُر کرنا

## 3

- صوبائی اسمبلی کے تمام بیلٹ پیپروں کی مجموعی گنتی
- اُمیدواروں کے لیے صوبائی اسمبلی کے قبول شدہ بیلٹ پیپروں کی گنتی
- اُمیدواروں کے لیے صوبائی اسمبلی کے چیلنج شدہ بیلٹ پیپروں کی گنتی
- گنتی کے حوالے سے فارموں کو پُر کرنا

## 4


انتخابی مواد ریٹرننگ افسر کو بھجوانا




3.32

# گنتی کرنا (شمار کرنا)

نوٹ: صوبائی اسمبلی کے ووٹ گنتے وقت بھی یہی عمل دہرایا جائے گا۔



کمرے کے وسط میں کافی کھلی جگہ بنائیں

مبصرین اور پولنگ ایجنٹوں کو گنتی کا عمل دیکھنے کی دعوت دیں

قومی اسمبلی کے لیے تمام بیلٹ بکسوں کو میز پر الٹائیں

ان میں شامل صوبائی اسمبلی کا کوئی بھی سفید بیلٹ پیپر نکال دیں تاکہ بعد میں گنا جائے

قومی اسمبلی کے لیے ڈالے گئے تمام بیلٹ پیپر دو مرتبہ گنیں

فارم XV کی سطر نمبر 2 پر بیلٹ پیپروں کی کل تعداد درج کریں

بیلٹ پیپروں کی کارآمد حیثیت کا معائنہ کریں

ہر اُمیدوار کے لیے قبول شدہ بیلٹ پیپروں کو الگ الگ کریں

ہر اُمیدوار کے لیے بیلٹ پیپروں کی دو مرتبہ گنتی کریں

پریذائیڈنگ افسر کو قومی اسمبلی کے لیے قبول شدہ بیلٹ پیپروں کی رپورٹ دیں

فارم XIV ...... گنتی کا گوشوارہ یا رپورٹ...... پر کریں

گنے ہوئے تمام بیلٹ پیپروں کو متعلقہ قومی اسمبلی کے پیکٹوں میں ڈالیں

لفافہ ای سی پی I این اے (قومی اسمبلی) پیکٹ میں ہر امیدوار کے بیلٹ پیپر ڈالیں

لفافہ ای سی پی II این اے پیکٹ میں تمام مسترد کردہ بیلٹ پیپر ڈالیں

لفافہ ای سی پی III این اے میں ای سی پی I اور ای سی پی II پیکٹ ڈال دیں

ہر اُمیدوار کے لیے قبول شدہ چیلنج کیے گئے ووٹ گنیں

گنتی کی رپورٹ کے کالم 4 میں چیلنج کیے گئے ووٹوں کی تعداد درج کریں

لفافہ ای سی پی VII میں تمام چیلنج شدہ (قبول شدہ یا مسترد) بیلٹ پیپر ڈال دیں

''بیلٹ پیپر اکاؤنٹ فارم'' پر کریں

صوبائی اسمبلی کے لیے ووٹوں کی گنتی کی خاطر یہی عمل دہرائیں

صوبائی اسمبلی کے بیلٹ بکس میں قومی اسمبلی کے کسی بھی بیلٹ پیپر کو شمار کر کے گنتی میں کمی/اضافہ کریں

3.33

# قبول اور مسترد شدہ بیلٹ پیپر

مسترد شدہ بیلٹ پیپر وہ ہیں:

- جن پر لگائی گئی مہر سے یہ تعین کرنا ممکن نہ ہو کہ ووٹر نے کس امیدوار کو منتخب کیا ہے
- جن پر مہر قانون کے مطابق نہ لگائی گئی ہو

بیلٹ پیپر کی گنتی کرتے وقت

مندرجہ ذیل کو خارج کر دیں:

1 جو سرکاری نشان (آفیشل کوڈ مارک) اور پچھلی طرف اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کے دستخط کے بغیر ہوں۔

2 جو سرکاری بیلٹ پیپر نہ ہوں۔

3 جن پر بیلٹ پیپر پر لگائی جانے والی مخصوص مہر کے علاوہ کسی اور مہر کا نشان ہو۔

4 جن کے ساتھ کوئی کاغذ کا ٹکڑا یا کوئی اور چیز منسلک ہو۔

5 جن پر انتخاب کی نشاندہی کے لیے کوئی مہر نہ ہو یا جہاں ایک سے زائد اُمیدواروں کے سامنے مہر لگی ہو۔

6 جن پر مہر کا نشان دو اُمیدواروں کے سامنے بنے خانوں میں مساوی طور پر یا ایک سے زائد خانوں میں لگا ہو۔

مندرجہ ذیل کو شامل کریں:

1 ایسے بیلٹ پیپر جن پر روشنائی لگنے یا غلط انداز میں تہہ کرنے کے باعث کسی اور اُمیدوار کے سامنے بھی روشنائی کا داغ لگ گیا ہو۔ اس ووٹ کو تب شامل کریں جب یہ واضح ہو جائے کہ اصل مہر کس امیدوار کے حق میں لگائی گئی تھی۔

2 ایسے بیلٹ پیپر جن پر مہر کا نشان دو اُمیدواروں کے سامنے بنے خانوں میں لگا ہو لیکن زیادہ حصہ کسی ایک اُمیدوار کے خانے میں ہو۔ ووٹ اسی اُمیدوار کے حق میں تصور کیا جائے گا۔

3 ایسے ووٹ جن پر ایک ہی اُمیدوار کے سامنے ایک سے زائد مہریں لگی ہوں۔

3.34

# گنتی کی رپورٹ پُر کرنا

”گنتی فارموں“ کی دو رپورٹیں پر کریں، ایک قومی اسمبلی اور دوسری صوبائی اسمبلی کے لیے۔

| | |
|---|---|
| کالم 2 | انتخابات میں حصہ لینے والے ہر ایک اُمیدوار کا نام لکھیں۔ |
| کالم 3 | ہر اُمیدوار کے حاصل کیے ہوئے قبول شدہ ووٹوں کی تعداد درج کریں۔ |
| کالم 4 | ہر اُمیدوار کے حاصل کیے ہوئے قبول شدہ چیلنج کیے گئے ووٹوں کی تعداد درج کریں۔ |
| کالم 5 | کالم 3 اور 4 کی تعداد کو جمع کر کے ہر ایک اُمیدوار کو ڈالے گئے کل ووٹ درج کریں۔ |
| کالم 6 | گنتی کے حوالے سے کوئی بھی تاثرات لکھیں۔ اگر کوئی گنتی دوبارہ کی گئی ہے تو اس کا ذکر کریں۔ گنتی کے دوران ممکنہ فرق یا اٹھائے گئے اعتراضات، اور اس سلسلے میں پریذائیڈنگ افسر کے فیصلے کی نشاندہی کریں۔ |
| لائن i | تمام اُمیدواروں کے لیے ڈالے گئے ووٹوں کی کل تعداد درج کریں (بشمول چیلنج شدہ ووٹ)۔ کالم 5 کی تمام انفرادی تعداد جمع کر کے یہ تعداد حاصل کریں۔ |
| لائن ii | گنتی میں شامل نہ کیے گئے کل مشکوک ووٹوں کی تعداد درج کریں۔ مشکوک چیلنج شدہ ووٹوں کی کل تعداد لکھیں۔ |
| لائن iii | لائن i اور لائن ii کی مجموعی تعداد جمع کر کے لکھیں۔ |

3.35

پریذائیڈنگ افسر دو فارم پُر کرے گا۔ ایک قومی اسمبلی اور دوسرا صوبائی اسمبلی کے لیے۔

## FORM XIV

[*See* rule 24]

## THE STATEMENT OF THE COUNT

**Polling Station**___________________________

National Assembly

Provincial Assembly of the Punjab
Sindh
The North West Frontier Province
Balochistan

Constituency __________________________________________________

| Sl. No. | Name of the contesting candidate | Number of votes polled by each contesting candidate | Number of challenged votes polled by each contesting candidate | Total Votes polled by each contesting candidate Cols. (3) + (4) | Remarks |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| | | | | | |

(i) Total number of votes polled by the contesting candidates (including challenged votes)

____________________________________________________________________

(ii) Total number of doubtful votes excluded from the count (including doubtful challenged votes)

____________________________________________________________________

(iii) Aggregate of (i) and (ii) ________________________________________________

Place: ______________________

Date: ______________________

*Signature of the Presiding Officer*

Name and Designation of the Presiding Officer and Thumb Impression of the Presiding Officer

Thumb Impression



3.36

# گنتی کی رپورٹ تقسیم کرنا

گنتی کی رپورٹ یا سٹیٹمنٹ (Statement of Count) ہر پولنگ اسٹیشن کا ''نتیجہ'' ہے۔ قومی اور صوبائی اسمبلی دونوں کے لیے گنتی کے اختتام پر یہ فارم احتیاط سے پر کیا جانا چاہیے۔ مکمل پُر کیے ہوئے فارم کی اصل کاپی پر تمام موجود پولنگ/ الیکشن ایجنٹوں یا/ اور اُمیدواروں کے دستخط کروانا ضروری ہیں۔






**1**

فارم کی اصل کاپی (سب سے اوپر والی) ریٹرننگ افسر کو بھجوائے جانے والے انتخابی مواد کے تھیلے میں رکھیں۔


**2**

ایک کاپی فوراً ریٹرننگ افسر کو پہنچائیں۔




**3**

ایک کاپی پولنگ اسٹیشن کے باہر چسپاں کر کے نتیجے کا اعلان کریں۔




**4**

گنتی کی رپورٹ کی ایک کاپی اپنے قبضے میں (پریذائیڈنگ افسر) رکھیں۔




**5**

بقیہ ایک کاپی گنتی کے دوران موجود رہنے والے پولنگ / الیکشن ایجنٹ / یا اُمیدواروں کو دیدیں۔ اگر مزید کاپیوں کی ضرورت ہے تو فارمز کا ایک اور سیٹ پر کر دیں۔ ہر ایجنٹ فارم کی ایک ایک کاپی لینے کا مستحق ہے۔
گنتی کے دوران اگر کوئی مبصر موجود ہو تو اسے بھی گنتی کی رپورٹ کی ایک کاپی دی جاسکتی ہے۔

3.37

# بیلٹ پیپر کی گنتی مکمل کرنا

دو ''بیلٹ پیپر اکاؤنٹ فارم'' پر کریں، ایک قومی اسمبلی اور دوسرا صوبائی اسمبلی کے لیے۔

| | |
|---|---|
| لائن 1 | ریٹرننگ افسر سے وصول شدہ بیلٹ پیپر کی تعداد سیریل نمبر کے لحاظ سے [نمبر وار] درج کریں۔ یہ حصہ پولنگ اسٹیشن کھولنے کے فوراً بعد پُر کریں۔ ان تعدادوں کو آپس میں ملائیں (tally کریں)۔ |
| لائن 2 | بیلٹ بکسوں سے نکلنے والے بیلٹ پیپروں کی کل تعداد (بشمول مسترد شدہ بیلٹ پیپر) درج کریں۔ |
| لائن 3 | ٹینڈرڈ (Tendered) بیلٹ پیپر کی کل تعداد درج کریں۔ |
| لائن 4 | چیلنج شدہ (قبول اور مسترد کیے گئے) بیلٹ پیپروں کی تعداد لکھیں۔ |
| لائن 5 | ضائع شدہ بیلٹ پیپروں کی تعداد لکھیں۔ |
| لائن 6 | لائن 2، 3، 4 اور 5 کی تعداد کا مجموعہ درج کریں۔ |
| لائن 7 | غیر جاری شدہ بیلٹ پیپروں کی تعداد درج کریں۔ |
| لائن 8 | لائن 6 اور 7 کا کل جمع کر کے لکھیں۔ ''تمام بیلٹ پیپروں کی کل تعداد'' یعنی لائن 1 میں درج تعداد سے مطابقت رکھنی چاہیے۔ |

3.38

# فارم XV: بیلٹ پیپر اکاؤنٹ

**FORM XV**

[*See* rule 25]

دو الگ الگ فارم بنائیں؛ ایک قومی اور دوسرا صوبائی اسمبلی کے لیے۔

**Election to the** National Assembly ______________________

Provincial Assembly of the Punjab
Sindh
The North West Frontier Province
Balochistan

قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کا حلقہ نمبر مختلف ہوگا۔ درست حلقہ نمبر جاننے کے لیے اپنا بیلٹ پیپر دیکھیں۔

From ______________________________ Constituency

Polling Station ______________________________________________

1. Ballot papers received for use at the polling station from Serial No ______________

To _________________________ Total _____________________________

To be filled immediately after ‘opening’ the polling station.

2. Total number of ballot papers taken out of the ballot boxes and counted ____________________
3. Total number of tendered ballot papers _____________
4. Total number of challenged ballot papers _____________
5. Total number of ballot papers spoilt and canceled _______
6. Total number of ballot papers under items number (2), (3), (4), and (5) __________________
7. Number of unissued ballot papers from Serial No. ________

   To ________________ ______ Total ________
8. Total number of item numbers (6) and (7) ___________
   [Should be equal to total of item No (1)]

Items 2 - 8 should be filled immediately after the count.

- گمشدہ بیلٹ پیپروں کے حوالے سے کوئی بھی نوٹس فارم کے آخر میں دی گئی خالی جگہ پر لکھیں۔
- گنتی کا عمل دیکھنے والے تمام پولنگ ایجنٹوں/امیدواروں کو فارم پر دستخط کرنے کا کہیں۔

Place _____________


Date_______________

Signature of Presiding Officer


3.39


# گنتی کے بعد

گنتی کے بعد تسلی کرلیں کہ نیچے دی گئی اشیاء/ سامان آپ کے پاس موجود ہو:


1 ہر اُمیدوار کے لیے گنے گئے قبول شدہ بیلٹ پیپر


2 گنتی سے خارج کردہ بیلٹ پیپر


3 غیر استعمال شدہ بیلٹ پیپر


4 ضائع شدہ بیلٹ پیپر


5 مشکوک (Tendered) بیلٹ پیپر


6 چیلنج شدہ بیلٹ پیپر


7 انتخابی فہرست کی نشان زدہ کاپیاں




8 استعمال شدہ بیلٹ پیپروں کے مثنیٰ (کاؤنٹرفوائلز)


9 ٹینڈرڈ (Tendered) ووٹوں کی فہرست


10 چیلنج شدہ ووٹوں کی فہرست



11 گنتی کی رپورٹ اور بیلٹ پیپر کی گنتی کی کاپی


12 ریٹرننگ افسر کی ہدایت کے مطابق دیگر کاغذات



13 پیتل کی سِیل




14 غیر استعمال شدہ انمٹ روشنائی


15 مہریں
1) نو خانوں والی مہر 2) چوکور مہر


16 چھوٹے سفید اور خاکی تھیلے


17 روشنائی کے پیڈ (اِنک پیڈ)


18 غیر استعمال شدہ پیکٹ، فارم پوسٹر لفافے، اسٹیشنری وغیرہ


3.40

# الیکشن سے متعلق سامان کو سنبھالنا

تمام فارمز اور سامان کو مندرجہ ذیل ہدایات کے مطابق پیک کریں اور ریٹرننگ افسر کو بھجوائیں۔ پولنگ ایجنٹوں، اُمیدواروں اور مبصرین کو یہ عمل دیکھنے کی اجازت ہے۔


یاد رہے: ہر فارم اور پیکٹ سِیل بند اور پریذائیڈنگ افسر، تمام موجود اُمیدواروں اور ایجنٹوں کی جانب سے دستخط شدہ ہونا چاہیے۔

| چیک | نمبر | الیکشن سے متعلقہ سامان | پیکٹ نمبر | ہدایات |
|---|---|---|---|---|
| | 1 | ایک امیدوار کے لیے گِنے گئے تمام بیلٹ پیپر | ای سی پی I | تیار کیے جانے والے پیکٹوں کی تعداد کا انحصار امیدواروں کی تعداد پر ہے۔ ہر امیدوار کے لیے ایک پیکٹ بنے گا۔ |
| | 2 | گنتی میں شامل نہ کیے گئے تمام بیلٹ پیپر | ای سی پی II | دو پیکٹ تیار کیے جائیں گے:<br>1- قومی اسمبلی 2- صوبائی اسمبلی |
| | 3 | تمام ای سی پی I اور II پیکٹ | ای سی پی III | دو پیکٹ تیار کیے جائیں گے:<br>1- قومی اسمبلی 2- صوبائی اسمبلی |
| | 4 | تمام غیر استعمال شدہ بیلٹ پیپر | ای سی پی IV | دو پیکٹ تیار کیے جائیں گے:<br>1- قومی اسمبلی 2- صوبائی اسمبلی |
| | 5 | تمام ضائع شدہ بیلٹ پیپر | ای سی پی V | دو پیکٹ تیار کیے جائیں گے:<br>1- قومی اسمبلی 2- صوبائی اسمبلی |
| | 6 | تمام ٹینڈرڈ بیلٹ پیپر | ای سی پی VI | دو پیکٹ تیار کیے جائیں گے:<br>1- قومی اسمبلی 2- صوبائی اسمبلی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | 7 | تمام چیلنج شدہ بیلٹ پیپر | ای سی پی VII | دو پیکٹ تیار کیے جائیں گے:<br>1-قومی اسمبلی 2-صوبائی اسمبلی |
| | 8 | تمام ووٹر لسٹوں کی نشان لگی ہوئی کاپیاں | ای سی پی VIII | صرف ایک |
| | 9 | تمام استعمال شدہ بیلٹ پیپر کے مثنیٰ (کاؤنٹر فوائلز) | ای سی پی IX | دو پیکٹ تیار کیے جائیں گے:<br>1-قومی اسمبلی 2-صوبائی اسمبلی |
| | 10 | ٹینڈرڈ (Tendered) ووٹوں کی فہرست | ای سی پی X | دو پیکٹ تیار کیے جائیں گے:<br>1-قومی اسمبلی 2-صوبائی اسمبلی |
| | 11 | چیلنج کیے گئے ووٹوں کی فہرست | ای سی پی XI | دو پیکٹ تیار کیے جائیں گے:<br>1-قومی اسمبلی 2-صوبائی اسمبلی |
| | 12 | گنتی کی رپورٹ کی اصل کاپی | ای سی پی XII | دو پیکٹ تیار کیے جائیں گے:<br>1-قومی اسمبلی 2-صوبائی اسمبلی |
| | 13 | بیلٹ پیپر اکاؤنٹ کی اصل کاپی | ای سی پی XIII | دو پیکٹ تیار کیے جائیں گے:<br>1-قومی اسمبلی 2-صوبائی اسمبلی |
| | 14 | ریٹرننگ افسر کی ہدایت کے مطابق دیگر کاغذات | ای سی پی XIV | دو پیکٹ تیار کیے جائیں گے:<br>1-قومی اسمبلی 2-صوبائی اسمبلی |
| | 15 | پیتل کی مہر | ای سی پی XV | صرف ایک |

3.41

# متعلقہ سامان کی واپسی کے لیے تھیلے









# پولنگ اسٹاف کی تربیت


# 4

# پولنگ اسٹاف کی تربیت



دورانیہ: ایک گھنٹہ

”مستقبل ان کا ہے جو آج تیاری کریں۔“
(میلکم ایکس)



سیشن کے مقاصد:

اس سیشن میں مندرجہ ذیل کام کیے جائیں گے:

- اپنے اپنے پولنگ اسٹاف کو تربیت دینے کے لیے ایجنڈا تیار کرنا۔
- سوالات اٹھانا اور ابہام دور کرنا۔
- تربیت کا جائزہ لینا اور بہتری کے اقدامات تجویز کرنا۔




4.01


# آگے بڑھنا.....

بطور پریذائیڈنگ افسر آپ کی اہم ترین ذمہ داریوں میں سے ایک ہے.....



پولنگ عملے کو ان کے کام سے آگاہ کرنے کا عمل مکمل ہونے پر وہ مندرجہ ذیل قابلیتوں کے حامل ہوں گے....

آگاہ کرنے کے عمل (Orientation) کے مقاصد اور ایجنڈا



مقاصد:

آگاہ کرنے کا مرحلہ مکمل ہونے پر پولنگ عملہ مندرجہ ذیل اہلیتیں حاصل کر لے گا.....

- بطور ٹیم ایک دوسرے سے واقفیت۔
- الیکشن کے دن اپنے کردار اور ذمہ داریوں کے حوالے سے وضاحت۔
- ووٹنگ کے دن کے لیے طریقہ کار اور طرزِ عمل طے کرنا۔
- پولنگ اسٹیشن کا لے آؤٹ (نقشہ) تیار کرنا۔

ذمہ داریوں سے آگاہ کرنے کے لیے چار گھنٹے طویل سیشن کو مندرجہ ذیل انداز میں تصور کیا جاتا ہے:

| سیشن | اہم کام | دورانیہ |
|---|---|---|
| 1 | پولنگ عملے کا کردار اور ذمہ داریاں | 1 گھنٹہ اور 30 منٹ |
| 2 | پولنگ کا دن | 2 گھنٹے |
| 3 | سوال جواب کا سیشن | 30 منٹ |

4.02

# تربیت کے لیے ہدایات

اپنے پولنگ اسٹاف کو ان کے فرائض اور ذمہ داریوں سے آگاہ کرنے کے دوران مندرجہ ذیل امور یقینی بنائیں:

- اطمینان کرلیں کہ مندرجہ ذیل تربیتی مینوئل کے بارے میں آپ اچھی طرح جانتے ہیں۔ وضاحت کی ضرورت محسوس ہونے پر اپنے ریٹرننگ افسر سے پوچھیں یا متعلقہ قوانین پڑھیں۔
- اپنے پولنگ عملے کے ساتھ 'حقیقی' شراکت قائم کریں۔ انہیں یہ احساس دلائیں کہ آپ سب ایک ہی ٹیم کے رکن ہیں اور پولنگ کے دن اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دینے کی خاطر آپ کو مل کر کام کرنا ہوگا۔
- ٹریننگ کے دوران:
  - وقت سے متعلقہ ہدایات پر عمل کریں۔ کسی مخصوص سیشن کے لیے وقت کی حدود سے تجاوز نہ کریں۔
  - سامعین کو پوری طرح شریک کریں۔ اطمینان کرلیں کہ آپ کا مطلب سب شرکاء پر واضح ہورہا ہے۔
  - سیکھی ہوئی باتوں کی دہرائی کے لیے اہم نکات پر دوبارہ بات کریں۔
  - اپنے سامعین کو متوجہ کریں اور تسلی کرلیں کہ کوئی اختلافِ رائے یا ابہام تو موجود نہیں۔
  - مہیا کیے گئے تربیتی وسائل استعمال کریں۔
  - تمام مراحل اور کارروائیاں مکمل ہونے کے متعلق اطمینان کرلیں اور خود کو دی گئی ہدایات کے مطابق ان پر عمل درآمد کریں۔

# Important Contacts of Election Commission of Pakistan

| S. No. | Name | Designation | Ph # Office | Fax # |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Kanwar Muhammad Dilshad | Secretary ECP | 051- 9206062 | 0519203583 |
| 2 | Mr. Iftikhar Ahmed Qureshi | Joint Secretary Elec. | 051-9201549 | 051- 9205300 |
| 3 | Mr. R.B. Jan Wahidi | Joint Secretary Admn. | 051-9201546 | 051- 9205300 |
| 4 | Mr. Javed Khursheed | Joint Secretary Budget | 051- 9204238 | 051- 9205300 |
| 5 | Mr. Iftikhar Hussain Shah | Deputy Secretary Elec. | 051- 9201506 | 051- 9205300 |
| 6 | Mr. Fazal-ur-Rehman | Incharge R & I | 051- 9205611 | 051- 9205300 |
| 7 | Mr. A yaz Muhammad Baig | PEC Punjab | 042- 9211015 | 042- 9211020 |
| 8 | Mr. Z. A. Farooqi | Joint PEC Punjab | 042- 9211017 | 042- 9211020 |
| 9 | Ch. Qamar-uz-Zaman | PEC Sindh | 021- 9203385 | 021- 9206646 |
| 10 | Mr. Mehboob Anwar | Joint PEC Sindh | 021- 9203384 | 021- 9206645 |
| 11 | Mr. Akhtar Hussain Sabir | PEC N.W.F.P | 091- 9211036 | 091- 9210487 |
| 12 | Mr. Muhammad Imtiaz Alam | Joint PEC N.W.F.P | 091- 9211035 | 091- 9210487 |
| 13 | Mr. Sono Khan Baloch | PEC Balochistan | 081- 9202334 | 081- 9202317 |
| 14 | Mr. Muhammad Imran Siddqui | Joint PEC Balochistan | 081- 9202309 | 081- 9202317 |